نمبر ۲۷۔ آئی۔ سی معلے القاب جناب وائسرائے و گورنر جنرل بہادر راجہ کا خطاب بطور اعزاز ذاتی مندرجہ ذیل صاحب کو عطا فرماتے ہیں۔

رائے بہادر راجہ جوتی پرشاد صاحب رئیس و پریزیڈنٹ میونسپلٹی جگادھری ضلع انبالہ پنجاب
خان صاحب مرزا محمد اکرام اللہ خاں صاحب ایم۔ ایل۔ اے۔ رئیس وزیر آباد۔ ضلع گوجرانوالہ پنجاب۔

نمبر ۲۹۔ آئی۔ سی معلے القاب وائسرائے و گورنر جنرل بہادر دیوان بہادر کا خطاب بطور اعزاز ذاتی مندرجہ صاحب کو عطا فرماتے ہیں:۔

دیوان کرشن کشور صاحب دھڑیوالہ آنریری مجسٹریٹ لاہور پنجاب

نمبر ۳۰۔ آئی۔ سی معلے القاب وائسرائے گورنر جنرل بہادر سردار بہادر کا خطاب بطور اعزاز ذاتی مندرجہ ذیل اصحاب کو تفویض فرماتے ہیں:۔

باوا بھاگ سنگھ صاحب۔ ایم۔ بی۔ ای ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر پنجاب پریزیڈنٹ کونسل آف ریجنسی کلسیہ سٹیٹ پنجاب
سردار صاحب چوہدری امیر سنگھ صاحب ڈپٹی کلکٹر صیغہ تعمیرات سرکاری شعبہ آبپاشی پنجاب
ڈاکٹر جگت سنگھ سکنہ راولپنڈی پنجاب
صوبہ دار میاں نرندر سنگھ صاحب (ریٹائرڈ) (راجپوت ڈوال) سا: موضع چوکی بھٹیاری

ضلع ہوشیارپور پنجاب۔

نمبر ۳۱۔ آئی۔سی۔ معلےٰ القاب وائسرائے وگورنر جنرل بہادر خان بہادر کا خطاب بطور اعزاز ذاتی مندرجہ ذیل اصحاب کو عطا فرماتے ہیں :۔

شیخ سراج دین صاحب بی۔اے۔ قائم مقام ڈپٹی کمشنر پنجاب آنریری کپتان صوبیدار میجر باناخاں (ریٹائرڈ) سردار بہادر سکنہ کالابند۔ تحصیل مری ضلع راولپنڈی پنجاب

نمبر ۳۲۔ آئی۔سی۔ معلےٰ القاب جناب وائسرائے وگورنر جنرل بہادر رائے بہادر کا خطاب بطور اعزاز ذاتی مندرجہ ذیل اصحاب کو تفویض فرماتے ہیں :۔

رائے صاحب لالہ امرناتھ صاحب نندا۔ بی۔اے۔ اسسٹنٹ سینٹری انجنیر گورنمنٹ پنجاب

بھائی گوپال سنگھ صاحب چاولہ پروفیسر ریاضی گورنمنٹ کالج۔ لاہور۔ پنجاب

رائے صاحب چوہدری درگا پرشاد۔ بید۔ گورنمنٹ ٹھیکہ دار دہلی

نمبر ۳۴۔ آئی۔سی۔ معلےٰ القاب وائسرائے وگورنر جنرل بہادر سردار صاحب کا خطاب بطور اعزاز ذاتی مندرجہ ذیل اصحاب کو تفویض فرماتے ہیں :۔

سردار بئنت سنگھ صاحب پلیڈر راولپنڈی پنجاب۔

بابو سنت سنگھ صاحب اسسٹنٹ انجنیر صیغہ تعمیرات سرکاری شعبہ آبپاشی پنجاب

جگت سنگھ صاحب اسسٹنٹ سرجن (ریٹائرڈ) خالصہ کالج امرتسر پنجاب

چوہدری کشن سنگھ صاحب سکنہ موہی ضلع لدھیانہ۔ پنجاب

بھائی سکھا سنگھ صاحب کلرک (ریٹائرڈ) محکمہ آڈٹ نارتھ ویسٹرن ریلوے

نمبر ۳۵۔ آئی۔سی۔ معلےٰ القاب وائسرائے گورنر جنرل بہادر خان صاحب کا خطاب بطور اعزاز ذاتی مندرجہ ذیل اصحاب کو تفویض فرماتے ہیں :۔

سیّد مقبول شاہ صاحب بی۔اے۔ انسپکٹر ورنیکلر تعلیم پنجاب۔

حکیم اکرام الحق صاحب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس پنجاب

چوہدری محمد اعظم صاحب فارسٹ رینجر پنجاب۔

ملک محمد امیر خان صاحب آنریری مجسٹریٹ پنڈی گھیپ ضلع اٹک۔ پنجاب۔

حکیم محمد مظہر حسین صاحب آنریری مجسٹریٹ سونی پت ضلع رہتک۔ پنجاب۔

ملک فتح خاں صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر پنجاب

منشی وہاب الدین صاحب آنریری انسپکٹر انجمن ہائے امدادی قرضہ لاہور پنجاب

مسٹر سراج الدین پرسنل اسسٹنٹ پوسٹ ماسٹر جنرل پنجاب وصوبہ سرحد شمال مغربی

کرم دین ٹیلیگرافسٹ گجرات۔ پنجاب

نمبر ۳۳۔ آئی۔سی۔ معلےٰ القاب وائسرائے گورنر جنرل بہادر رائے صاحب کا خطاب بطور اعزاز ذاتی مندرجہ ذیل اصحاب کو تفویض فرماتے ہیں :۔

لالہ مراری لال صاحب گھوسلہ ایم۔اے۔ اکسٹرا جوڈیشل اسسٹنٹ کمشنر پنجاب

پنڈت نند لال صاحب ٹکو۔ بی۔ اے۔ اکسٹرا اسسٹنٹ مہتمم بندوبست ملتان۔ پنجاب
لالہ شیو پرشاد آنریری مجسٹریٹ سوہنا ضلع گوڑگاؤں۔ پنجاب
لالہ متھرا داس صاحب تحصیلدار پنجاب
لالہ بول چند میونسپل کمشنر و رئیس فاضلکا ضلع فیروزپور۔ پنجاب
لالہ شیو پرشاد۔ آنریری مجسٹریٹ و ممبر میونسپل کمیٹی لدھیانہ۔ پنجاب
لالہ نرنجن داس صاحب بی۔ اے۔ اکسٹرا جوڈیشل اسسٹنٹ کمشنر پنجاب
لالہ چمن لال صاحب قائممقام اسسٹنٹ اکونٹس افسر۔ دفتر اکونٹنٹ جنرل پنجاب
متھرا داس صاحب بیس پوسٹ ماسٹر جالندھر پنجاب

نمبر ۷-۳- آئی- سی۔ معلے القاب جناب وائسرائے و گورنر جنرل بہادر راؤ صاحب کا خطاب بطور اعزاز ذاتی مندرجہ ذیل اصحاب کو تفویض فرماتے ہیں:۔
صوبیدار نیکی رام سب رجسٹرار و آنریری مجسٹریٹ سونی پت ضلع رہتک پنجاب
دیوان جھم رائے سنت داس قائممقام اسسٹنٹ آڈٹ افسر۔ دفتر چیف آڈیٹر نارتھ ویسٹرن ریلوے۔
مسٹر ویتھسوارہ سیہا ڈپٹی اگزیمنر (عارضی) دفتر فیلڈ کنٹرولر آف ملٹری اکونٹس وزیری فورس لاہور

دستخط۔ جے۔ بی۔ ووڈ
پولیٹیکل سکرٹری گورنمنٹ ہند

صیغہ ہوم

کنگز پولیس میڈل

اشتہار

(پولیس)

مقام دہلی۔ مورخہ ۲ جنوری ۱۹۲۲ء

نمبر الف ۔ ۵۰ ۔ حضرت ملک معظم قیصر ہند عملہ جات پولیس ہند کے مندرجہ ذیل افسروں و ملازموں کو کنگز پولیس میڈل اور دو صورتوں میں اوس میڈل کی بار عطا کرتے ہیں۔ جو قبل ازیں عطا کیا گیا ہے۔

عہدہ دار کا نام و درجہ	اون خدمات کی تفصیل جن کے صلہ میں اعزاز مذکور خصوصیت کے ساتھ عطا کیا گیا ہے۔

پنجاب

۳۰۔ سلطان خاں سب انسپکٹر پولیس ضلع راولپنڈی

اس عہدہ دار نے اوس بلوائی کو گرفتار کرنے میں بڑی شجاعت و بہادری کا ثبوت دیا جو ریوالور سے مسلح تھا۔ شیر بگلا ضلع راولپنڈی میں بلوہ ہؤا تھا جس میں گولی چلائی گئی تھی اور ایک شخص زخمی ہؤا تھا۔ سب انسپکٹر سلطان خاں سب ڈویژنل مجسٹریٹ کے ہمراہ موقع واردات پر گیا۔ وہاں پہونچکر اون کو معلوم ہؤا۔ کہ اصل ملزم ایک گولیوں سے بھرے ہوئے ریوالور سے مسلح تھا۔ اور ایک دوکان میں پناہ گزین گرفتاری سے گریز کر رہا تھا۔ اور جو شخص پاس جاتا تھا۔ اوس پر گولیاں چلاتا تھا۔ سب انسپکٹر غیر مسلح ہونے کے باوجود دلیرانہ دروازہ تک سیدھا بڑھتا گیا اور دوکان کے اندر جو اشخاص تھے اون کو پکار کر کہا کہ ہتھیار ڈال دو۔ اور باہر چلے آؤ۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ جب ملزم نے ریوالور حوالہ کیا تو وہ گولیوں سے پورے طور پر بھرا ہؤا تھا۔

۳۱۔ محمد مہردل خاں سب انسپکٹر پولیس ضلع میانوالی

یہ عہدہ دار اگست ۱۹۱۹ء سے ضلع میانوالی کے اوس حصّہ میں جو سندھ پار واقع ہے۔ تھانہ عیسے خیل کے اہتمام پر رہا ہے۔ جبکہ پولیس کی ایک جماعت کا جو چھاپہ مارنے والوں کا تعاقب کر رہی تھی۔ کمین گاہ میں بیٹھ کر بری طرح سلسلہ آمد و رفت کاٹ دیا گیا تھا۔ سب انسپکٹر محمد مہردل خاں نے اپنے سپاہیوں کے انتظام و ٹریننگ اور سپرٹ کو سدھارنے کی کوشش کی۔ اور دیگر چھاپوں کا مؤثر طور پر انسداد کرنے کی غرض سے سلسلہ خبر رسانی قائم کیا۔ اس کی بدولت سب انسپکٹر مذکور نے ایک جماعت کو جو زر فدیہ کے لئے پکڑی گئی تھی چھڑا لیا اور ایک چھاپہ کا انسداد کر دیا۔ نیز ایک چھاپہ مارنے والے گروہ کو اس طرح شکست دے کر بھگا دیا کہ پھر عیسے خیل پر دوبارہ چھاپہ مارنے کی کسی کو جرات نہیں ہوئی۔

بازار کی لڑائی میں جو آخری وقوعہ میں ہوئی۔ سب انسپکٹر مذکور نے نمایاں بہادری کا ثبوت دیا۔ حملہ آور گروہ کی بیخ کنی کی وجہ تمامتر یہ تھی کہ سب انسپکٹر مذکور نے مدافعت کا انتظام نہایت خوبی کے ساتھ کیا اور اپنے آدمیوں کو نہایت محنت سے اُبھارے رکھا ۔

۳۲۔ شیر محمد ہیڈ کنسٹبل نمبر ۱۳۵ ضلع میانوالی

اون چھاپوں کی وجہ سے جو ضلع میانوالی میں قصبہ عیسے خیل پر مارے گئے ایک چھوٹی سی بہ انداز جماعت مدافعت کے لئے قائم کی گئی۔ جس کا انچارج یہ سب انسپکٹر تھا۔ آخری چھاپہ کے موقع پر جبکہ گولی چلنی شروع ہوئی ہیڈ کنسٹبل

مذکور بازار کلاں کے ساتھ کے مکانوں پر فی الفور چڑھ گیا۔ چھاپہ مارنے والوں نے اوس پر گولی برسائی لیکن وہ بدستور آگے بڑھتا گیا۔ یہاں تک کہ وہ جماعت مذکور سے ۳۰ گز کے فاصلہ پر پہونچ گیا تب اوس نے اپنا بمب پھینکا بمب مذکور ٹھیک اوسی کوچہ کے وسط میں گرا جس میں چھاپہ مارنے والے پسپا ہو رہے تھے۔ عملی طور پر گروہ مذکور کے ہر ایک رکن کو ضرب پہونچی۔ جس مقام پر بمب پھٹا تھا۔ اوس کے نزدیک دو آدمی مردہ اٹھائے گئے۔ ایک اور شخص جس کو عین بعد ایک پہرہ دار جماعت نے نشانہ گولی بنایا تھا۔ اس کے جسم میں بمب کے بہت سے ٹکڑے پائے گئے تھے۔ تین زخمی آدمی گرفتار کئے گئے تھے۔ جو بمب کے سبب سے سخت مضروب ہوگئے تھے۔ ان اشخاص نے بیان کیا کہ ڈاکوؤں کے گروہ کے سب آدمی زخمی ہوئے تھے۔ جن میں مشہور قانون شکن کالو شامل تھا جو چھاپہ مارنے والوں کا سرغنہ تھا۔ چھاپہ مارنے والے گروہ کے بقایا افراد سراسیمگی کی حالت میں فرار ہوگئے۔ اوس وقت سے عیلے خیل چھاپوں سے مامون و محفوظ رہا ہے۔

۳۳- علی محمد فسٹ کنسٹبل نمبر ۵۲۸ ضلع فیروزپور

۲۷ جون سنہ ۱۹۲۱ء کی صبح کو اس فسٹ کانسٹبل نے جبکہ وہ شہر فیروزپور میں فرض منصبی پر مامور تھا۔ صبح کے وقت ایک مشتبہ شخص کو دیکھا۔ کانسٹبل مذکور نے اوس شخص کو للکارا۔ اور کوئی جواب نہ ملنے پر اوس شخص کو دیکھنے کے لئے آگے بڑھا۔ جب وہ شخص مذکور کے نزدیک پہونچا۔ تو اوس مشتبہ شخص مذکور نے ایک خود بخود چلنے والا پستول نکالا۔ اور فسٹ کانسٹبل مذکور پر گولی چلائی۔ لیکن وہ خوش قسمتی سے بچ گیا۔ کانسٹبل اوس کے ساتھ چمٹ گیا اور دونوں زمین پر گر پڑے۔ ملزم نے گولی چلانے کی ایک اور کوشش کی۔ لیکن خوش قسمتی سے پستول جم گیا۔ کانسٹبل نے امداد طلب کی اور امداد پہونچنے تک قیدی کو پکڑے رکھا۔ ملزم کو پکڑ لیا گیا۔ اور اس سے اسلحہ چھین لیا گیا۔ مجرم مشہور بدمعاش مسمی خان بہادر نکلا جو ایک ڈکیتی معہ قتل کی واردات کے متعلق مطلوب تھا

اس شخص کی گرفتاری کی وجہ سے پولیس بعد ازاں بمبوں و رائیفلوں اور مصالحہ جنگ کی اوس نہایت ہی اہم کھیپ کا سراغ لگانے اور اوس کو قبضہ میں کرنے کے قابل ہوگئی تھی جو قانون و امن کے برخلاف استعمال کرنے کی غرض سے مجرم نے وحشیانہ قتل کے لئے سرحد پار سے درآمد کی تھی۔ کانسٹبل مذکور نے اس مسلمہ و خطرناک بدمعاش کو گرفتار کرنے میں بڑی پھرتی اور دانشمندی کا ثبوت دیا۔

۳۴- سردار امریک سنگھ

یہ شخص ریاست پٹیالہ کا عہدہ دار ہے۔ جس نے ریاست پٹیالہ میں جرائم کے انسداد اور عادی مجرموں کو کیفر کردار کو پہونچانے میں نمایاں خدمات انجام

پیدا کی ۱۹۲۱ء میں وہ ننکانہ صاحب کے قابل افسوس حادثہ کے متعلق تحقیقات کے کام پر لگائے گئے اور اس میں بالکل کلام نہیں کہ مسٹر بورنگ نے ایک نہایت ہی مشکل مسئلہ کو فراست اور اعلےٰ درجہ کی قابلیّت کے ساتھ حل کیا۔ جس ضبط کے ساتھ انہوں نے تحقیقات کا کام انجام دیا اوس کے واسطے وہ ہر طرح تحسین کے مستحق ہیں ٭

دستخط۔ ایس۔ پی۔ اوڈونل
سکرٹری گورنمنٹ ہند

احکام مستخرجہ گزٹ آف انڈیا

مقام دہلی بروز شنبہ مورخہ ۱۴ جنوری ۱۹۲۲ء

صیغہ وضع آئین و قوانین

اشتہار

نمبر ۱۵۔ بہ نفاذ اختیارات عطیۂ از روئے تحتی دفعہ (۱) دفعہ ۶۷ و دفعہ ۱۲۹۔ الف ایکٹ گورنمنٹ ہند معلے القاب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل صاحب سکرٹری آف سٹیٹ بہادر باجلاس کونسل کی منظوری سے ہدایت فرماتے ہیں کہ قواعد وضع آئین و قوانین ہند میں مندرجہ ذیل ترمیم کی جائیگی :۔ یعنی قواعد مذکور کے قاعدہ ۴ کی بجائے مندرجہ ذیل ثبت کیا جائے گا :۔

"۴۔ معلے القاب گورنر جنرل بہادر ایوان کونسل کے کاروبار کی حالت پر غور کرنے کے بعد ایوان مذکور کے غیر سرکاری ممبروں کے کام کے لئے اوس قدر دن مقرر کریں گے جو اون کی رائے میں مفاد عام کے مطابق معلوم ہوں۔ اور وہ مجاز ہوں گے کہ ایسے کام کی مختلف اقسام کے فیصلہ کے لئے مختلف دن مقرر کریں۔ اور کاروبار کی کسی خاص قسم کے لئے اس طرح مقررہ ایام میں اوس قسم کے کاروبار کو ترجیح دی جائیگی۔ دیگر ایام میں سرکاری کام کے سوائے اور کوئی کام گورنر جنرل باجلاس کونسل کی منظوری کے بغیر نہیں کیا جائے گا"

دستخط۔ اے ایچ۔ مونکریف سمتھ
سکرٹری گورنمنٹ ہند

رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۶۷

گورنمنٹ گزٹ پنجاب

گورنمنٹ کے حکم سے جاری ہوا

نمبر ۷] لاہور - ۱۷ فروری (مجریہ ۲۴ فروری) سنہ ۱۹۲۲ء یوم جمعہ [جلد ۵۰

دوسرا حصہ

احکام منتخرجہ گزٹ آف انڈیا

احکام منتخرجہ گزٹ آف انڈیا مقام دہلی روز شنبہ مورخہ ۲۱ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

صیغہ خارجہ و پولٹیکل

اشتہار

مقام دہلی - مورخہ ۱۷ - جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

نمبر ۳۴ - ایف - آر - خان بہادر نواب سظفر خاں صاحب اورینٹل سکرٹری کابل

مشن کی خدمات ۱۷ دسمبر ۱۹۲۱ء بعد دوپہر سے گورنمنٹ پنجاب کے سپرد کی گئی ۔

دستخط - ڈینس برے
سکرٹری گورنمنٹ ہند

صیغہ تجارت

اشتہار

محصول بحری

مقام دہلی - مورخہ ۴ فروری ۱۹۲۲ء

نمبر ۶۶۰ - بہ نفاذ اختیارات عطیہ از روے دفعہ ۲۳ - ایکٹ محصولات بحری ۱۸۷۸ء (نمبر ۸ مصدرہ ۱۸۷۸ء) جناب نواب گورنر بہادر با جلاس کونسل موٹر آمنی بیوسوں کو جیب کہ وہ برٹش ہند میں درآمد کی جائیں - اس قدر محصول سے مستثنیٰ فرماتے ہیں - جو ان پر انڈین ٹیرف ایکٹ ۱۸۹۴ء (نمبر ۸ مصدرہ ۱۸۹۴ء) کے بموجب عائد ہو سکتا ہے اور اور جو موٹر والوں اور موٹر لاریوں پر ایکٹ متذکرۃ الصدر کے گوشوارہ دوم کے حصہ چہارم کی رو سے قابل اخذ محصول سے زیادہ ہو ۔

دستخط - ایچ - اے - الف - لنڈ سے

سکرٹری گورنمنٹ ہند

کاشی رام پریس لاہور

رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۶

گورنمنٹ گزٹ پنجاب

گورنمنٹ کے حکم سے جاری ہوا

نمبر ۸] لاہور - ۲۴ فروری (مجریہ ۳ مارچ) ۱۹۲۲ء یوم جمعہ [جلد ۵۰

حصہ دوم

احکام مستخرجہ گزٹ آف انڈیا

احکام مستخرجہ گزٹ آف انڈیا مقام دہلی

روز شنبہ مورخہ ۱۱ فروری ۱۹۲۲ء

صیغہ ہوم

اشتہار

پولٹیکل

مقام-دہلی -مورخہ ۱۰ فروری ۱۹۲۲ء

نمبر ۳۴۴- مندرجہ ذیل اطلاع عام مورخہ ۶ فروری ۱۹۲۲ء برائے اطلاع عام شائع کی جاتی ہے :-

---

مسٹر گاندھی کے اُس اعلان میں بہت سی غلط بیانیاں ہیں جو اُنہوں نے ۴ فروری کو شائع کیا تھا۔ اور جس میں عام سول نافرمانی کو اختیار کرنے کے متعلق اپنے ارادہ کو حق بجانب بتایا تھا-اُن میں سے بعض ایسی اہم ہیں-کہ گورنمنٹ ہند ان کا جواب دئے بغیر نہیں رہ سکتی *

سب سے پہلے وہ اس بیان کی کہ اُس نے ایک غیر آئینی جبر کی پالیسی اختیار کی ہے-اور نیز اس خیال کی بزور تردید کرتی ہے-کہ سول نافرمانی کی موجودہ جنگ حامیان عدم تعاون کو آزادی مجالس-آزادی تقریر-اور آزادی اخبارات کے ابتدائی حقوق کی حفاظت کے لئے بامر مجبوری جاری کرنی پڑی ہے-گورنمنٹ ہند اس امر واقعہ کی طرف توجّہ دلانا چاہتی ہے-کہ سول نافرمانی کا پروگرام اختیار کرنے کا آخری فیصلہ ۴ نومبر ۱۹۲۱ئہ کو ہؤا-اور وہ اعلانات جو حال میں ایکٹ امتناعِ مجالس باغیانہ یا قانون ترمیم ضابطہ فوجداری کے ماتحت جاری ہوئے-اور جن کا مسٹر گاندھی نے صاف طور پر حوالہ دیا ہے بعد میں شائع ہوئے-یہ اُن لوگوں کے سخت غیر آئینی افعال کا نتیجہ تھا-جو مسٹر گاندھی اور تحریک عدم تعاون کے پَیرو ہونے کے دعوے دار ہیں-کہ گورنمنٹ کو اس غرض سے تدابیر اختیار کرنی پڑیں (اور یہ تدابیر قانون کے عین مطابق ہیں) کہ پُرامن شہریوں کی اُن کے جائز کاروبار میں حفاظت کی جائے-جب سے تحریک عدم تعاون کا آغاز ہؤا ہے-گورنمنٹ ہند کی یہ خواہش رہی ہے-کہ سیاسی سرگرمی کے متعلق خواہ وہ انتہائی قسم کی ہو-کسی قسم کا تشدّد نہ کیا جائے-چنانچہ گورنمنٹ نے اس تحریک کے باب میں اپنی کارروائیوں کو صرف ایسے طریقوں تک محدود رکھا ہے جو قانون و انتظام کے قیام اور امن عامہ کے تحفّظ کے لئے ضروری تھیں *

نومبر تک دہلی کے سوا والنٹیروں کی مجالس کے خلاف سال گذشتہ کے دوران میں کوئی کارروائی نہیں کی گئی-مگر ماہ نومبر میں گورنمنٹ کو ایک نئی اور خطرناک حالت پیش آئی-گذشتہ سال کے دوران میں فوجی سپاہیوں اور پولیس والوں کی وفاداری کو متزلزل کرنے کے لئے باقاعدہ کوششیں ہوتی

رہیں۔ اور ایسے بہت سے سنگین فسادات ہوئے ہیں۔ جو جاہل اور پُرجوش عوام میں فریق عدم تعاون کی طرف سے اپنے مقصد کی اشاعت کرنے کا براہ راست نتیجہ تھے۔ ان فسادات کا نتیجہ یہ ہُوا۔ کہ شدید نقصان جان ہُوا۔

بدامنی کا ایک خطرناک جذبہ پیدا ہوگیا۔ اور جائز احکام کی لاپرواہی بڑھ گئی۔ ماہ نومبر میں اس کی انتہائی صورت بمبئی کے سخت فسادات میں نمودار ہوئی۔ جن میں ۵۳ آدمی مارے گئے۔ اور چار سو کے قریب زخمی ہوئے۔ اسی روز بہت سے دیگر مقامات پر بھی بدامنی کی خطرناک علامات ظاہر ہوئیں چنانچہ یہ معلوم ہوگیا۔ کہ والنٹیروں کی بہت سی جماعتوں نے تشدد۔ تہدید اور مزاحمت کی ایک باقاعدہ جنگ شروع کر دی ہے اور کہ اس سے عہدہ براہونے کے لئے جو کارروائیاں مجموعہ تعزیرات اور مجموعہ ضابطہ فوجداری کے ماتحت کی گئی ہیں۔ وہ بے اثر ثابت ہوئی ہیں۔

ان حالات میں گورنمنٹ کو بادلِ ناخواستہ زیادہ جامع اور سخت تدابیر اختیار کرنی پڑیں۔ تاہم قانون امتناعِ مجالسِ باغیانہ کا استعمال صرف اُن چند ضلعوں تک محدود رہا۔ جہاں امن میں شدید خلل پڑنے کا خطرہ خاص طور پر زیادہ تھا۔ اور قانون ترمیم ضابطہ فوجداری کا اطلاق صرف اُن مجالس پر کیا گیا۔ جن کے ممبروں کی زیادہ تر تعداد تشدد اور تہدید پر لگاتار کاربند ہو رہی تھی۔ اس شہادت کا یہاں بالتفصیل ذکر کرنا ناممکن ہے جو مختلف صوبوں میں ان تدابیر کے اختیار کرنے کو حق بجانب ثابت کرتی ہے۔ لیکن مختلف آئینی جماعتوں کی شائع شدہ روئدادوں اور مختلف مقامی گورنمنٹوں کی عام اطلاعوں اور صوبوں کے گورنروں کی تقریروں میں اس کا ثبوت بکثرت موجود ہے۔ جہاں گورنمنٹ کا یہ پکّا ارادہ ہے۔ کہ قانون وانتظام کا احترام کرایا جائے۔ اور تاج کی امن پسند وفادار رعایا کی حفاظت کی جائے وہاں اُس نے اس امر کی ہر ممکن احتیاط کی ہے۔ کہ جہاں کہیں مناسب ہو۔ شرائط قید کو ہلکا کر دیا جائے اور کوئی ایسی کارروائی نہ کی جائے۔ جس سے انتقامی سختی کا اظہار ہو۔ مقامی گورنمنٹوں کے شائع کردہ احکام میں اس کا کافی ثبوت مل سکتا ہے۔ بے شمار مجرم رہا کر دیئے گئے ہیں۔ سزاؤں میں تخفیف کر دی گئی ہے۔ اور جن اشخاص کو قانون امتناع مجالس باغیانہ یا قانون ترمیم ضابطہ فوجداری کی رُو سے سزائیں ملی ہیں۔ اُن پر خاص رعائتیں روا رکھی گئی ہیں۔ اس لئے اس الزام کے جواز میں ذرا سا ثبوت بھی موجود نہیں۔ کہ گورنمنٹ کی پالیسی ایک اندھادھند اور غیر آئینی جبر کی پالیسی ہے۔

ایک اور الزام جو مسٹر گاندھی نے گورنمنٹ پر لگایا ہے۔ یہ ہے۔ کہ گورنمنٹ نے حال ہی جو تدابیر اختیار کی ہیں۔ اُن میں اُس مُہذب پالیسی سے انحراف کیا گیا ہے۔ جو ہز اکسیلنسی حضور وائسرائے نے علی برادران کی معافی کے وقت قرار دی تھی۔ یعنی یہ کہ گورنمنٹ ہند حامیان عدم تعاون کی سرگرمیوں میں اُس وقت تک دخل نہیں دیگی۔ جب تک کہ وہ قولاً وفعلاً پُرامن رہیں گے۔ گورنمنٹ ہند نے ۳۰۔ مئی کو جو اعلان جاری کیا تھا۔ اُس کا مندرجہ ذیل اقتباس اس بیان کی قطعی تردید کرتا ہے۔ یہ واضح کرنے کے بعد کہ اُس سنجیدہ اقرار کے خیال سے جو محمد علیؓ و شوکت علیؓ کے دستخطی بیان میں درج ہے۔ یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ کہ اُن کے برخلاف کوئی فوجداری کارروائی نہ کی جائے۔ گورنمنٹ ہند نے تحریر کیا تھا۔ کہ اس کے اس ابتدائی ارادہ سے کہ تشدد کا اشتعال دلانے والی تقریروں پر مقدمہ چلایا جائے گا۔ یہ نتیجہ

نہیں نکالنا چاہیئے۔ کہ کسی کم تشدد آمیز قسم کی بددلی پھیلانا قانوناً کوئی جرم نہیں ہے۔ گورنمنٹ ہند یہ واضح کر دینا چاہتی ہے۔ کہ وہ جس طرح اور جب مناسب سمجھے گی۔ حکومت کے خلاف جرائم کے بارہ میں قانون کو اُن اشخاص کے برخلاف عمل میں لائے گی۔ جو اُس کی خلاف ورزی کریں گے۔

اب گورنمنٹ ہند کو صرف اس الزام کے متعلق تحقیقات کرنی ہے۔ کہ حضور وائسرائے نے کانفرنس کی تجویز کو سرسری طور پر نامنظور کر دیا ہے۔ اگرچہ جو شرائط بمبئی کی کانفرنس نے پیش کی تھیں۔ اور جن کو کانگرس کی ورکنگ کمیٹی نے منظور کر لیا تھا۔ وہ حضور وائسرائے کی اُن اپنی شرائط کے بالکل مطابق تھیں۔ جو انہوں نے اپنی کلکتہ کی تقریر میں بیان کی تھیں۔ حضور وائسرائے کی تقریر کو کانفرنس کی مجوزہ شرائط سے مقابلہ کرنے سے ظاہر ہو جائے گا۔ کہ یہ بات اصلیت سے کتنی دور ہے۔ حضور وائسرائے نے اس تقریر میں اس بات پر زور دیا تھا۔ کہ کسی کانفرنس کے سوال پر غور کرنے سے پہلے بنیادی شرط کے طور پر یہ نہایت ضروری ہے۔ کہ حامیان عدم تعاون اپنی خلاف قانون سرگرمیوں کو بند کر دیں۔ لیکن کانفرنس نے جو تجاویز پیش کی تھیں۔ ان میں اس بارہ میں کوئی یقین نہیں دلایا گیا۔ برخلاف اس کے گورنمنٹ سے رعائتیں طلب کی گئی تھیں۔ جن میں نہ صرف یہ شامل تھا۔ کہ ایکٹ ترمیم قانون فوجداری اور ایکٹ مجالس مغویانہ کی رو سے جاری شدہ اشتہارات کو واپس لے لیا جائے۔ اور زیر ایکٹ ہائے مذکور سزایافتہ اشخاص کو رہا کر دیا جائے۔ بلکہ یہ بھی مطالبہ کیا گیا تھا۔ کہ اُن اشخاص کو بھی رہا کر دیا جائے۔ جو ان جرائم کے لئے سزایاب ہوئے ہیں۔ جن سے فوج کی وفاداری کو متزلزل کرنا مقصود تھا۔ اور اُن اشخاص کے مقدمات کو جو ملک کے عام قانون کی رو سے سزایاب ہوئے ہیں ایک ثالثی کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔ مگر اس امر کا کوئی ذکر نہیں تھا۔ کہ ہڑتال۔ پہرہ لگانا اور سول نافرمانی کے سوا حامیان عدم تعاون کی دیگر ناجائز سرگرمیاں بند ہو جائیں گی۔ مزید براں مسٹر گاندھی نے کانفرنس مذکور میں جو کچھ بیان کیا۔ اس سے ظاہر ہوتا تھا۔ کہ اُن کا ارادہ ممنوع جماعتوں میں والنٹیروں کی بھرتی اور سول نافرمانی کی تیاریوں کو جاری رکھنے کا ہے۔

علاوہ ازیں مسٹر گاندھی نے یہ بھی واضح کر دیا۔ کہ مجوزہ گول میز کانفرنس کا مقصد صرف یہ ہوگا۔ کہ جو کچھ وہ کہیں مان لیا جائے۔ یہ کہنا بے سود ہے۔ کہ اس قسم کی تجاویز کسی طرح بھی ان ضروری شرائط کے مطابق تھیں جو حضور وائسرائے نے تجویز کی تھیں یا یہ کہ اُن کی نسبت معقول طور پر یہ کہا جا سکتا ہے۔ کہ وہ اُن کے ظاہر کردہ خیالات کا جواب تھیں۔

آخیر میں گورنمنٹ ہند اُن مطالبات کی طرف توجہ دلانا چاہتی ہے۔ جو مسٹر گاندھی کے موجودہ اعلان کے آخری فقرہ میں درج ہیں۔ اور جو کانگرس کی ورکنگ کمیٹی کے مطالبات سے بھی زیادہ ہیں مسٹر گاندھی کے مطالبات میں اب مفصلہ ذیل باتیں شامل ہیں:-

(۱) وہ تمام قیدی رہا کر دیئے جائیں۔ جو بلا تشدد سرگرمیوں کے لئے سزایاب ہوئے ہیں یا زیر تجویز ہیں۔

(۲) اس بات کا ذمہ اٹھایا جائے۔ کہ گورنمنٹ حامیان عدم تعاون کی تمام بلا تشدد سرگرمیوں میں دخل نہیں دے گی۔ خواہ وہ سرگرمیاں تعزیرات ہند کی رو سے آتی ہوں یا بالفاظ دیگر یہ اقرار کیا جائے

کہ حامیان عدم تعاون کے متعلق گورنمنٹ اُس عام قانون کو ایک غیر معین عرصہ کے لئے ملتوی کر دے جو اس ملک میں عرصہ دراز سے رائج ہے۔ ان تمام رعائتوں کے مقابلہ میں مسٹر گاندھی ظاہر کرتے ہیں کہ وہ خلاف قانون اور باغیانہ اشاعتی کام اور فریق عدم تعاون کی کارروائیوں کو جاری رکھیں گے۔ اور صرف جارحانہ قسم کی سول نافرمانی کو اُس وقت تک ملتوی کر دیں گے۔ جب تک کہ اُن مجرموں کو جو اس وقت جیل خانہ میں ہیں موجودہ حالت پر غور کرنے کا موقع نہ مل جائے۔ اس فقرہ میں انہوں نے پھر یہ بیان کیا ہے۔ کہ اُن کے فریق کے مطالبات ناقابل تبدیلی ہیں۔

گورنمنٹ ہند کو یقین ہے۔ کہ تمام صحیح الخیال اشخاص تسلیم کریں گے۔ کہ یہ اعلان اس تقریر کا کوئی جواب نہیں جو حضور وائسرائے نے کلکتہ میں کی تھی اور کہ جو مطالبات کئے گئے ہیں وہ ایسے ہیں۔ کہ اُن کو قبول کرنا تو درکنار کوئی گورنمنٹ اُن پر غور بھی نہیں کر سکتی۔ اس وقت ہندوستان کے سامنے صرف دو ہی راستے ہیں۔ جن میں سے اُسے ایک اختیار کرنا چاہئے۔ اور یہ ایسے راستے ہیں۔ کہ کسی منطقی دلیل کے ذریعہ انہیں چھپایا نہیں جا سکتا۔

اب سوال سیاسی ترقی کے کسی خاص پروگرام کا نہیں ہے۔ بلکہ ایک طرف بدامنی اور اُس کے تمام خطرناک نتائج کا اور دوسری طرف اُن اصولوں کے تحفظ کا سوال ہے۔ جو جملہ مہذب حکومتوں کی بنیاد ہیں۔ عام سول نافرمانی میں حکومت کے لئے اس قدر خطرات مضمر ہیں۔ کہ اس تحریک کا سختی اور درشتی کے ساتھ مقابلہ کرنا چاہئے۔ گورنمنٹ کو ذرا بھر بھی شک نہیں۔ کہ اس تحریک کو دبانے کی غرض سے اُسے جو کارروائی کرنی پڑے گی۔ اُس کے متعلق وہ حضرت ملک معظم کی جملہ پابند قانون اور وفادار رعایا کی امداد پر بھروسہ کر سکتی ہے۔

دستخط۔ ایس پی او ڈانل
سکرٹری گورنمنٹ ہند

کاشی رام پریس لاہور

رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۶

گورنمنٹ پنجاب گزٹ

گورنمنٹ کے حکم سے جاری ہُوا

نمبر ۱۲] لاہور - ۲۴ مارچ (مجریہ ۳۱ مارچ) ۱۹۲۲ء یوم جمعہ [جلد ۵۰

دوسرا حصّہ

احکام مستخرجہ گزٹ آف انڈیا

احکام مستخرجہ گزٹ آف انڈیا

مقام دہلی - مورخہ ۲۵ فروری ۱۹۲۲ء

صیغہ تجارت

اشتہارات

مسکرات

مقام دہلی - ۲۵ فروری - ۱۹۲۲ء

نمبر ۱۰۵۰ - ایکٹ افیون ۱۸۷۸ء نمبرا ۱۸۷۸ء کی دفعہ ۶ کے مطابق اور بہ تنسیخ اشتہار

گورنمنٹ ہند صیغہ تجارت نمبری ۸۷۱۰ مورخہ ۱۸ دسمبر ۱۹۲۰ء معلے القاب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل ہدایت فرماتے ہیں - کہ ۴۶ روپے فی سیر کے حساب سے محصول یکم اپریل ۱۹۲۲ء سے اُن تمام افیون پر لیا جایگا - جو پنجاب میں درآمد کی جائے - مگر شرط یہ ہے - کہ محصول مذکور بر حسب ذیل مسکرات کے متعلق نہیں لیا جائیگا :-

(الف) - پوست کے ڈوڈے - یا

(ب) - افیون جو پنجاب کی پہاڑی ریاستوں میں پیدا ہو *

(ج) - افیون جس پر محصول شمال مغربی سرحدی صوبہ میں ادا ہو چکا ہو *

نمبر ۱۰۵۲ - بہ نفاذ اختیارات عطیہ بروے دفعہ ۵ ایکٹ افیون ۱۸۷۸ء (۱۸۷۸ء) و بہ تنسیخ اشتہار گورنمنٹ ہند صیغہ تجارت نمبری ۸۷۱۲ مورخہ ۱۸ دسمبر ۱۹۲۰ء معلے القاب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل ہدایت فرماتے ہیں - کہ ۳۷ روپے فی سیر کے حساب سے محصول یکم اپریل ۱۹۲۲ء سے پوست کے ڈوڈوں کے سوا اس افیون پر لیا جائیگا - جو کسی ایسی ریاست میں پیدا ہو - جو پنجاب گورنمنٹ یا ایجنٹ معلے القاب گورنر جنرل ریاست ہائے پنجاب کے ملکی اہتمام میں ہو - اور پنجاب میں درآمد کی جائے *

دستخط - ایچ - اے - ایف - لنڈسے

سکرٹری گورنمنٹ ہند

کاشی رام پریس لاہور

رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۶۴

گورنمنٹ گزٹ پنجاب

گورنمنٹ کے حکم سے جاری ہوا

نمبر ۱۴] لاہور - ۷ - اپریل (مجریہ ۱۴ - اپریل) سنہ ۱۹۲۲ء یوم جمعہ [جلد ۵۰

دوسرا حصّہ

احکام متخرجہ گورنمنٹ آف انڈیا

احکام متخرجہ گزٹ آف انڈیا - مقام دہلی روز شنبہ مورخہ ۱۸ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

نمبر ۷۵۳ - ۱۴ - عام

گورنمنٹ ہند

صیغہ خارجیہ و پولیٹیکل

مقام دہلی - مورخہ ۱۰ - مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

رزولیوشن

گورنمنٹ ہند نے اپنے رزولیوشن نمبر ۱۳۱۴- ۲۷- ۴۲۴- مورخہ ۸- اگست ۱۹۱۳ء میں جو صیغہ ہوم میں قلمبند ہوا تھا۔ انگریزی رعایا ہند کی تنبیہ کے لئے یہ عام ہدایت جاری کی تھی۔ کہ وہ تلاش روزگار میں غیر ملکوں کو نہ جائیں۔ تا وقتیکہ اون کو اس بات کا یقین نہ دلا دیا جائے۔ کہ اون کو وہاں پہونچنے پر معاوضہ بخش کام مل جائے گا۔

۲- گورنمنٹ ہند کی توجہ اس امر کی طرف دلائی گئی ہے۔ کہ بہت سے ہندوستانی مزدوروں کو جو پنجاب کے رہنے والے تھے۔ حال میں بمبئی کے ایک دلال تے دم جھا للنہ دیکر اس بات پر آمادہ کر لیا۔ کہ وہ فرانس کے ٹکٹوں وغیرہ کی بابت بہت سا روپیہ جمع کر دیں۔ اور اس توقع پر فرانس چلے جائیں۔ کہ اون کو وہاں ۱۵ روپیہ روزانہ کی شرح سے روزگار مل جائے گا۔ مذکورہ بالا مزدوروں کو فرانس پہونچنے پر معلوم ہوا۔ کہ اون کے ساتھ دھوکا ہوا ہے۔ وہ اپنا اندوختہ ختم کر بیٹھے تھے۔ لہذا اون کو سرکاری خرچ پر واپس کرنا پڑا۔

۳- ناواقف لوگوں کو اس قسم کی دھوکا بازی سے بچانے کی غرض سے معلے القاب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل جملہ لوکل گورنمنٹوں واڈ منسٹریشنوں سے درخواست کرتے ہیں۔ کہ وہ ان واقعات کو خصوصیت کے ساتھ اون اضلاع میں تشہیر کر دیں۔ جن اضلاع سے مزدوری پیشہ لوگ دوسرے ملکوں کو جانے کے عادی ہیں۔ اور لوگوں کو اوس خطرہ سے متنبہ کر دیں۔ جو لوگوں کو تلاش معاش میں ممالک غیر کو جانے میں پیش آتا ہے الا اوس صورت میں کہ اُن کو پہلے ہی سے اس بات کا تسلّی بخش یقین نہ دلا دیا جائے۔ کہ ان کو اس ملک میں جہاں جا رہے ہیں معاوضہ بخش کام مل جائے گا۔

حکم- حکم ہوا- کہ رزولیوشن ہذا جملہ لوکل گورنمنٹوں واڈ منسٹریشنوں کو بغرض آگاہی واطلاع ارسال کیا جائے۔ اور محکمہ مال زراعت اور صیغہ ہوم میں ارسال کیا جائے

نیز حکم ہوا۔ کہ ایک کاپی بغرض اطلاع عام گزٹ ہند میں شائع کی جائے

دستخط- ڈینس برے

سکرٹری گورنمنٹ

ہند

گورنمنٹ ہند

صیغہ تعلیم وصحت

حفظان صحت

مقام دہلی - مورخہ یکم مارچ ۱۹۲۲ء

حجاز سے واپس آنے والے محتاج حاجیوں کو واپس بھیجنے کے متعلق روپیہ جمع کرنے کی غرض سے مرکزی حج کمیٹی کا انضباط

اطلاع عام

یجلیٹو اسمبلی کی عمارت واقع دہلی میں ۱۸ فروری ۱۹۲۲ء کو کونسل اف سٹیٹ و لیجلیٹو اسمبلی کے مسلمان ممبروں کا ایک جلسہ منعقد ہؤا - آنریبل میاں سر محمد شفیع صاحب نے جو جلسہ مذکور کے صدر تھے حجاز سے واپس آنے والے حاجیوں کی واپسی کے متعلق حالات کی تشریح کی - یہ بیان کیا گیا - کہ گورنمنٹ ہند واپسی حاجیان جدہ کے نام سے ایک فنڈ کھولا ہؤا ہے جس نے سردست صرف ۸۰۰۰ کے قریب روپیہ جمع کیا ہے - اگرچہ اور وعدے بھی کئے گئے ہیں - ۱۹۲۱ء میں قریباً اون حاجیوں میں سے جو جدہ کے لئے بمبئی و کراچی سے جہاز پر سوار ہوئے تھے - قریباً نصف حاجیوں نے ایک طرف کے ٹکٹ کے ساتھ سفر کیا - اور بہت سے حاجی ادائے حج کے بعد بحالت مفلسی جدہ کو واپس آئے - قریباً ۵۰۰ حاجیوں کو بمبئی و کراچی کے لئے سرکاری خرچ پر جہاز پر سوار کرنا پڑا - گورنمنٹ نے اس امید پر کہ سرمایہ واپسی حاجیان سال کے اختتام تک معقول روپیہ جمع کر لیگا - واپسی حاجیان کے لئے ۱۰۰۰۰ روپیہ کے عطیہ کے واسطے لیجسلیٹو اسمبلی کی منظوری حاصل کی - لیکن محتاج حاجیوں کی کثیر تعداد کے لحاظ سے یہ ضروری معلوم ہؤا - کہ اسٹینڈنگ فائنانس کمیٹی کے روبرو ۳۰۰۰۰ روپیہ کا مزید مطالبہ پیش کیا جائے بہت سے بحث و مباحثہ کے بعد یہ معلوم ہؤا - کہ اگرچہ بہت سے حاضر ممبران اس تجویز کے حق میں تھے - کہ بہترین انتظام یہ ہو سکتا ہے - کہ جبریہ واپسی کے ٹکٹوں کی تجویز عمل میں لائی جائے

لیکن متفقہ خیال یہ تھا کہ سردست کوئی اس قسم کا طریق رائج کرنا خلاف مصلحت ہوگا۔کیونکہ گورنمنٹ کی اس کارروائی سے غلط فہمی ہونے کا احتمال ہے۔ لہذا حاجی وجیہ الدین صاحب ایم۔ایل۔اے رئیس میرٹھ کی تحریک پر باتفاق رائے سے یہ قرار پایا۔کہ اس فرض کے لئے روپیہ جمع کرنے کے واسطے ایک کمیٹی قائم کرنی چاہیئے۔یہ امید تھی۔کہ اس طریق میں خواہ کتنا روپیہ جمع ہو۔گورنمنٹ لیجسلیٹو اسمبلی کے روبرو ایک خاص حد تک اتنی ہی رقم کے لئے ایک مطالبہ پیش کرے گی۔ جملہ حاضر ممبران کمیٹی میں کام کرنے کے خواہشمند تھے۔چنانچہ کمیٹی مذکور قائم کی گئی۔اور حاجی وجیہ الدین اور آنریبل خان بہادر اے۔کے۔جی۔احمد تھمبی ماری کیر رئیس مدراس اوس کے آنریری سکرٹری مقرر ہوئے۔کمیٹی حتے الامکان بہت جلد ایک اپیل جاری کرے گی۔

کمیٹی" مرکزی حج کمیٹی ہند" کے نام سے موسوم ہوگی۔چندے سنٹرل حج فنڈ واقعہ امپیریل بنک اف انڈیا دہلی کو بھیجنے چاہئیں۔صدر جلسہ نے بیان کیا کہ اگر سرمایہ مذکورنے اچھی ترقی کی تو اوس روپیہ کو جو سرمایہ واپسی بدرہ کے حساب میں جمع ہے۔غالباً اس سرمایہ کے ساتھ ملا دیا جائے گا۔اوس چندہ کے متعلق جو براہ راست بنک مذکور کو ادا کیا جائے جو مشورہ دینا ہو وہ حاجی وجیہ الدین صاحب ایم۔ایل۔اے۔رئیس میرٹھ کو بھیجنا چاہیئے۔

کارروائی کے اختتام پر صدر جلسہ کے حق میں شکریہ کا ووٹ پاس کیا گیا۔اور ممبروں نے یہ خواہش ظاہر کی۔کہ آنریبل میاں سر محمد شفیع صاحب سنٹرل حج کمیٹی کے پریزیڈنٹ ہونے چاہئیں

دستخط۔ایچ۔شارپ

سکرٹری گورنمنٹ ہند

کاشی رام پریس لاہور

صیغہ بھک سے اُڑنے والے مادہ ہائے

اشتہارات

مقام کلکتہ - ۲ - مارچ - ۱۹۲۲ء

نمبر ۷۰ ۵ - بحوالہ اشتہارات ذیل جس ہیں بھک سے اُڑجانے والے مادوں کے بنانے وقبضہ میں رکھنے فروخت وانتقال اور درآمد کے انتظام کے قواعد مشتہر کئے گئے تھے - "منظور شدہ بھک سے اُڑجانے والے مادہ جات" کی مندرجہ ذیل فہرست جس کا ذکر اُس قاعدہ میں کیا گیا ہے - جو ہر ایک اشتہار کے بالمقابل درج ہے - اطلاع عام کے لئے مشتہر کی جاتی ہے :-

(قاعدہ ۴ (۱۳) - اشتہار گورنمنٹ ہند صیغہ تجارت وصنعت وحرفت نمبری ۲۳ - ۱۱۳ - ۴ - مورخہ ۶ جون ۱۹۱۴ء

قاعدہ ۴ - (۳) - اشتہار نمبر ۱۱۸۳ مورخہ ۱۱ نومبر ۱۹۱۴ء چیف کمشنر صوبجات متوسط متعلقہ برار

قاعدہ ۴ (۳) اشتہار نمبر ۱۴ مورخہ ۲۳ - اپریل ۱۹۱۵ء صاحب رزیڈنٹ میسور متعلقہ سول ملٹری سٹیشن آف بنگلہ وریلوے جات میسور زیر علاقہ انگریزی

قاعدہ ۴ - (۳) اشتہار نمبری ۶۷ جے - مورخہ ۲۸ - اگست ۱۹۱۴ء	رزیڈنٹ حیدر آباد متعلقہ چھاؤنی ہائے سکندر آباد واورنگ آباد و بازار ہائے
قاعدہ ۴ (۳) - اشتہار نمبر ۴ - ۳ - جے - مورخہ ۲۰ - اپریل ۱۹۱۵ء	رزیڈنسی حیدر آباد واراضیات ریلوے ریاست حیدر آباد

قاعدہ ۳ - (۳) اشتہار نمبر ۹۹ مورخہ ۱۹ جولائی ۱۹۱۶ء گورنمنٹ برما متعلقہ ناردھرن شان سٹیٹ

قاعدہ ۳ (۳) - اشتہار نمبری ۳۱۳ ھ - مورخہ ۲۹ - اکتوبر ۱۹۱۸ء ایجنٹ گورنر جنرل راجپوتانہ

قاعدہ ۳ (۳) - اشتہار نمبری ۱۸۱۲ - ب - مورخہ ۱۸ نومبر ۱۹۱۹ء ایجنٹ گورنر جنرل سنٹرل ہند - متعلقہ اراضیات ریلوے وارنج سنٹرل انڈیا - مصرحہ اشتہار گورنمنٹ ہند صیغہ خارجہ نمبری ۲۶۱ - آئی - ب - مورخہ ۱۰ - فروری ۱۹۱۳ء

منظور شدہ بھک سے اُڑ جانے والے مادوں کی فہرست

عام فروخت کے لئے برٹش ہند میں فی الحال مندرجہ ذیل بھک سے اُڑ جانے والے مادوں کو درآمد کرنے کی اجازت ہے *

قسم اوّل - بارود

اصطلاح "بارود" سے وہ بارود مراد ہے - جو عام طور پر اس نام سے پکارا جاتا ہے *

بارود

قسم دوم - منٹریٹ مکسچر

اصطلاح "منٹریٹ مکسچر" سے مراد کوئی ایسی تیار شدہ شے ہے - جو اس بارود کے علاوہ ہو - جو عام طور پر بارود کہلاتا ہے - اور جو نٹریٹ کو کسی قسم کی کاربن یا کاربن کی قسم کے کسی ایسے مادہ کی ترکیب سے بنائی گئی ہو - جس میں بھک سے اُڑ جانے کی خاصیت نہ ہو - خواہ ایسی تیار شدہ شے میں گندھک ملائی گئی ہو یا نہ - اور خواہ ایسی تیار شدہ شے کسی غیر بھک سے اُڑ جانے والے مادہ سے ملائی گئی ہو یا نہ - اور جس میں کوئی ایسا بھک سے اُڑ جانے والا مادہ شامل ہے - جس میں پرکلوریٹ موجود ہو - اور جو کلوریٹ مکسچر فلمینٹ یا نائٹرو کمپاؤنڈ نہ ہو - (جیسا کہ اُن کی تعریف قواعد بھک سے اُڑ جانے والے مادہ ہائے ۱۹۱۴ء کے قاعدہ ۴ میں کی گئی ہے) *

قسم ہذا کا ہر ایک سرنگ اُڑانے کا بھک سے اُڑ جانے والا مادہ جس میں نائٹریٹ آف امونیم - نائٹریٹ آف سوڈیم یا کلورائیڈ آف سوڈیم بطور اجزا استعمال ہوتے ہوں کارتوس کے ریپروں یا بکسوں میں (زیادہ پاؤنڈ کے اندرونی پلندوں میں) بند کئے جائینگے جس میں پانی بالکل سرایت نہ کر سکے - اور جو گداختہ پیرافین یا دیگر مناسب ناقابل سرایت مصالحہ سے بنائے جائیں *

اے - ۲ - مونومل
ونکنگ پاؤڈر نمبر ۱
ونکنگ پاؤڈر نمبر ۲
بیلسٹائیٹ
بلاسٹنگ جلاٹائین
کمبرائیٹ نمبر ۲
چلورتھ سموک لس پاوڈر نمبر ۲
کارڈائیٹ
کارڈائیٹ ایم - ڈی
ڈینامائیٹ
ڈینوبل نمبر ۲
جلاٹائین
مونوبل نمبر ۱
اکسائیٹ
ارکائیٹ
سمسونائیٹ

مگر شرط یہ ہے - کہ ڈویژن ہذا کا ہر ایک بھک سے اڑ جانے والا مادہ اسی قسم اور خاصیت کا ہوگا - جس کے پگھلنے یا رسنے کا احتمال نہ ہو۔

نیز شرط یہ ہے - کہ وہ بھک سے اڑ جانے والا مادہ جو بروئے تعریف ناقابل سرایت آب اندرونی پولندوں میں بھیجنا ضروری ہے - کسی خاص حکم کے ذریعہ ایسی شرائط سے اس صورت میں اور اس وقت تک مستثنیٰ کیا جا سکتا ہے - جبکہ ایسے حکم کی شرائط کی تعمیل ہوتی رہے۔

ڈویژن - ۲

ڈویژن ۲ میں مندرجہ ذیل بھک سے اڑ جانیوالے مادے اور کوئی نائیٹرو کمپاؤنڈ جیساکہ اس کی پہلے تعریف کی گئی ہے - شامل ہوگا - جو ڈویژن ۱ میں شامل نہیں ہے۔

امیرائیٹ نمبر ۲
الویٹل }
اسوئل }
چلورتھ سموک لس پاوڈر
چلورتھ سموک لس سپورٹنگ پاوڈر
ڈی منٹر وفیل }
اکر لونک سموکلس }
سپارٹنگ پاوڈر }
ای - سی - سپارٹنگ پاوڈر }
نیگرو پاوڈر نمبر ۲
ینونائیٹ
این - ایس سموکلس
پکرک ایسڈ
پکرک پاوڈر
پرمروز سموکلس
سٹو مارکٹ سموکلس
ریمنگٹن ڈنس پاوڈر
روبورائیٹ
روبی پاوڈر

ایلے سموکلس سپارٹنگ پاؤڈر
امپائر پاؤڈر
رائیسٹ لود سموکلس

فرمنکائیٹ
فل من پاؤڈر
امپیریل شلٹز گین پاؤڈر
لاٹننگ پاؤڈر
گن کاٹن

اڈیبسل پاؤڈر
نوبل کاسپیشل پاؤڈر

شلٹز کیوب پاؤڈر
شلٹز گن پاؤڈر
سموکلس ڈائمنڈ
ٹونائیسٹ یا کوٹن پاؤڈر
ٹری نٹروٹولوئل

قسم چہارم - کلوریٹ میسکچر

اصطلاح "کلوریٹ میسکچر" سے مراد کوئی بھک سے اُڑ جانے والا مادہ ہے - جس میں کلوریٹ شامل ہو۔

کلوریٹ میکسچر کی قسم کی دو ڈویژن ہیں - قسم ہذا کا ہر ایک بھک سے اڑ جانے والا مادہ اور اس کا ہر ایک بھک سے اڑ جانے والا جزو اس طرح پورے طور پر صاف کیا جائیگا - اور بصورت دیگر ایسی قسم کا ہوگا - جو جانچ ہوسومہ جانچ حرارت میں پورا اُتر سکے - جس کی تصریح بھک سے اُڑ جانے والے مادوں کی جانچ کے قاعدہ مشتہرہ ہمراہ اشتہار گورنمنٹ ہند صیغہ تجارت وصنعت و حرفت نمبری ۳۳-۱۲-۱۰۴ مورخہ ۶ جون ۱۹۱۴ء محولہ الصدر میں کی گئی ہے ۔

قسم ہذا کا ہر ایک بھک سے اڑ جانے والا مادہ جس میں نٹریٹ امونیم - نٹریٹ اف سوڈیم یا کلورائیڈ آف سوڈیم بطور اجزا استعمال ہوتے ہوں - کارتوس ریپروں یا بکسوں میں (یا پانچ پاؤنڈ کے اندرونی پولنڈوں میں) بند کئے جائیں گے - جو گداختہ پیرافین کے ساتھ یا کسی دیگر ناقابل سرائیت آب مصالحہ کے ساتھ اس طرح بنائے گئے ہوں کہ ان میں پانی بالکل سرایت نہ کر سکے ۔

ڈویژن - ۱

ڈویژن ایک میں کلوریٹ کی کوئی ایسی تیار شدہ شئے شامل ہے - جس میں نائیٹرو گلیسرین یا کوئی دیگر سیال نائیٹروکیا ؤنڈ جزو اً شامل ہو۔

مگر — ندارد

مگر شرط یہ ہے - کہ ڈویژن ہذا کا ہر ایک بھک سے اڑ جانے والا مادہ ایسی خاصیت اور قسم کا ہوگا - کہ پگھلنے یا

رسنے کے قابل نہ ہو

ڈویژن - ۲

ڈویژن ۲ میں کوئی کلوریٹ مکسچر شامل ہے - جس کی صدر میں تعریف کی گئی اور جو ڈویژن ا میں درج نہیں کیا گیا

ندارد

قسم - ۵ - فلمینیٹ

اصطلاح "فلمینیٹ" سے مراد کیمیائی مرکب یا کوئی آلات سے تیار شدہ مرکب ہے - خواہ وہ ضمن ہائے ماسبق میں شامل ہو یا نہ - اور جو بھڑکنے کی از حد طاقت رکھنے کی وجہ سے پرکشن کیپ یا بھڑکنے کو ترقی دینے کی کسی دیگر شے میں استعمال کرنے کے لئے موزوں ہو - اور بھک سے اڑ جانے کی انتہائی خاصیت رکھنے کی وجہ سے اور اپنی از حد ناپائیداری کے باعث (یعنی کسی خفیف سے محرک اسباب سے جلدی خراب ہو جانے کی خاصیت کی وجہ سے) خاص طور پر خطرناک ہے اس قسم کے دو ڈویژن ہیں

ڈویژن - ۱

ڈویژن ۱ میں فلمینیٹ آف سلور اور فلمینیٹ پارہ جیسے مرکبات اور ان اجزا کی وہ تیار شدہ اشیا شامل ہیں - جو پرکشن کیپوں میں شامل ہیں - اور کوئی ایسی تیار شدہ شے شامل ہے جس میں کلوریٹ اور فاسفورس کی مرکب اور فاسفورس کی بعض اقسام کی مرکبات شامل ہوں خواہ اس میں کاربن کا مادہ شامل ہو یا نہ اور نیز کوئی ایسی تیار شدہ شے شامل ہے - جس میں کلوریٹ اور گندھک کی مرکب کاربن کے مادہ کے ساتھ یا اس کے بغیر شامل ہو

ندارد

ڈویژن - ۲

ڈویژن ۲ میں کلورائیڈ اور ایوڈائیڈ آف نائٹروجن - فلمینٹنگ گولڈ وسلور ڈائیا زوبنزل اور سنٹریٹ آف ڈائیا زوبنزل شامل ہیں

ندارد

قسم ۶ - مصالحہ حرب

اصطلاح "مصالحہ حرب" سے مراد متذکرۃ الصدر اقسام کا کوئی بھک سے اڑ جانے والا مادہ اس صورت میں شامل ہے - جبکہ وہ کسی کیس یا کسی اور شے میں بند ہو یا وہ کسی اور قسم پر کارتوس کے لئے موزوں کیا گیا ہو - یا اس طرح تیار کیا گیا ہو - کہ کارتوس یا اسلحہ خوردکی بندوق

[illegible]

سرنگ اڑانے اور دیگر ہمچو قسم کی اغراض کے لئے کارتوس

اسلحہ خورد کے کارتوس جو سیفٹی کارتوس نہیں ہیں۔

کارڈیوبک فورڈ

الکٹرک فیوز

الکٹرک پرائمرز

فیوز لائیٹرز

انسٹنٹینی اس فیوز

بورٹ فیوز

بھک سے اڑ جانے والے مادہ کو آگ دکھانے کی نالیاں۔

کویک مارچ

ڈویژن ۳

ڈویژن ۳ میں ان مصالحہ حرب شامل ہے۔ جس کی تعریف صدر میں کی گئی ہے جس میں بالطبع جل اٹھنے کا کوئی ذریعہ موجود ہو اور جو ڈویژن ا میں شامل ہیں۔

اسلحہ خورد کے واسطے کارتوس جو سیفٹی کارتوس نہ ہو

پٹاخے

الکٹرک ڈیٹونیٹر (پٹاخے)

فرکش ٹیوب

ڈبل کا الکٹرک ڈیٹونیٹر ٹائم فیوز

پرکش پرائمرز

بھک سے اڑ جانے والے مادوں کو آگ دکھانے کی ٹوبیں (نالیاں)

قسم ۷۔ آتشبازی

اصطلاح "آتشبازی" میں آتشبازی اور ترکیبی اجزا اور تیار شدہ آتشبازی شامل ہے

ڈویژن ا۔ آتشبازی کے اجزا ترکیبی

اصطلاح "اجزا ترکیبی آتشبازی" سے مراد کوئی ایسی کیمیائی مرکب یا کسی آتش گیر دعیت کے بھک سے اڑ جانے والے مادہ کی کوئی ایسی تیار شدہ شے ہے جو آلات کے ذریعہ ترکیب دی گئی ہو۔ اور جو تیار شدہ آتشبازی کو بنانے کی غرض کے لئے استعمال کی جائے اور جو بھک سے اڑ جانے والے مادوں کی اول الذکر اقسام میں شامل ہیں۔ اور نیز کوئی ایسا سٹار اور ایسی رنگدار

اور آتشی ترکیب مراد ہے جو ساختہ آتشبازی کی تعریف کی شرط کے تابع ہو

ندارد

ڈویژن ۲۔ ساختہ آتش بازی

ساختہ آتش بازی جس میں ضمن ہائے ۱ و ۲ و ۳ و ۴ اور ۶ کا کوئی بھک سے اڑجانے والا مادہ اور آتشبازی کا کوئی ترکیبی جزو شامل ہو۔ جبکہ ایسا بھک سے اڑجانے والا مادہ یا ترکیبی جزو کسی کیس یا دوسری شے میں بند ہو یا کسی اور نہج پر اس طرح بنایا گیا ہو کہ چھچھوندر۔ پٹاخے ٹائے کیپ۔ یا امورسس۔ ہوائی۔ بان۔ (سوائے جنگی ہوائیوں کے)۔ مارون۔ لانس۔ وھیل۔ چینی آگ رومن بتی یا ایسی دیگر شے کی صورت اختیار کر سکے جو آتش بازی کا اثر یا آتشبازی کی علامات یا آوازیں پیدا کرنے کے لئے خاص طور پر تیار کی گئی ہو۔

مگر شرط یہ ہے۔ کہ ایک مضبوط طور پر بنایا ہؤا یا اس طرح بند کیا ہؤا دھات کا کیس جس میں ہوا نہ جا سکے۔ اور جس میں اس قسم کا رنگ دار آتشی مصالحہ جو خود بخود جل اٹھنے کے قابل نہ ہو بند ہو "ساختہ آتش بازی" متصور ہو گا نہ کہ "آتش بازی کی ترکیب"

الومینی ایم یا مگنسی سی ایم کی مشعل

الورسس

چینی پٹاخے

لائیٹ سگنل

مگنی زئیم یا الومینی ام کی مشعلیں

ساختہ آتش بازی

آتش بازی کے اثر رکھنے والی ڈبیاں

ہوائیاں

سپارکلر

دستخط۔ این۔ ایل۔ شلڈن
چیف انسپکٹر بھک سے اڑجانے والے
مادہ ہائے ہند

کانشی رام پریس لاہور

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۶۳

پنجاب گورنمنٹ گزٹ

گورنمنٹ کے حکم سے جاری ہؤا

نمبر ۱۵] لاہور - ۱۴ - اپریل (مجریہ ۲۱ - اپریل) ۱۹۲۲ء یوم جمعہ [جلد ۵۰

دوسرا حصہ

احکام مستخرجہ گزٹ آف انڈیا

احکام مستخرجہ گزٹ آف انڈیا۔ مقام دہلی

روز شنبہ مورخہ یکم اپریل - ۱۹۲۲ء

صیغہ ہوم

اشتہارات

عملہ

دہلی - ۳۰ - مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۷۰۹-و- مسٹر ایچ- ڈی- کریک متعلقہ ملازمت سول ہند کی خدمات یکم اپریل ۱۹۲۲ء سے گورنمنٹ پنجاب کو مکرر سپرد کی گئیں ٭

پولیس

۳۰ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۱۳۳۱-و- ۳- مسٹر ڈی- پٹری- سی- آئی- ای- سی- بی- ای- ایم- وی- او- پولس افسر ہز رائل ہائینس پرنس آف ویلز کی خدمات یکم اپریل ۱۹۲۲ء سے گورنمنٹ پنجاب کو مکرر سپرد کی گئیں ٭

دستخط - ایس- پی- اوڈونل
سکرٹری گورنمنٹ ہند

صیغہ خزانہ

اشتہارات

علیحدہ مال

انکم ٹیکس

دہلی- یکم اپریل- ۱۹۲۲ء

نمبر ۹۵۳-و- ایکٹ انکم ٹیکس ہند ۱۹۲۲ء (۱۱ مصدرہ ۱۹۲۲ء) کی دفعہ ۵ کی تحتی دفعہ (۳) کے بموجب معلے القاب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل مسٹر ایم- ایل- ڈارلنگ- آئی- سی- ایس کو پنجاب کے لئے کمشنر انکم ٹیکس مقرر فرماتے ہیں ٭

نمبر ۹۵۹-و- ایکٹ انکم ٹیکس ہند ۱۹۲۲ء (۱۱ مصدرہ ۱۹۲۲ء) کی دفعہ ۵ کی تحتی دفعہ (۳) کے بموجب معلے القاب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل مسٹر ایم- ایل- ڈارلنگ- آئی- سی- ایس کو شمال مغربی سرحدی صوبہ کے لئے کمشنر انکم ٹیکس مقرر فرماتے ہیں ٭

دستخط - جی- جی- سمم
جائنٹ سکرٹری گورنمنٹ
ہند

دوسرا حصّہ

احکام مستخرجہ گزٹ آف انڈیا غیر معمولی مقام شملہ

روز دوشنبہ - مورخہ ۳ - اپریل - ۱۹۲۲ء

گورنمنٹ ہند

صیغہ ہوم

اشتہار

عملہ جات

مقام شملہ - مورخہ ۳ - اپریل ۱۹۲۲ء

نمبر ۲۶۷ - ایف - صاحب سکرٹری آف سٹیٹ بہادر کا مندرجہ ذیل مراسلہ اطلاع عام کے لئے شائع کیا جاتا ہے

(مراسلہ سکرٹری آف سٹیٹ بہادر ہند نمبر ۵ - پبلک مورخہ ۹ - فروری ۱۹۲۲ء)

میں نے حال ہی میں بذریعہ تار آپ کو یہ مشورہ دیا تھا - کہ یہ مناسب ہوگا - اگر یور ایکسیلنسی کی گورنمنٹ اون غلط فہمیوں کے ازالہ کے لئے جلد کارروائی کرے جو میرے خیال میں اوس عبارت کے معنے سمجھنے میں پیدا ہو رہی ہیں جو اوس رزولیوشن کے نقرہ ۳ میں سے اخذ کر کے حاشیہ* میں درج کی گئی ہے - جو آپ کی گورنمنٹ نے اون شرائط و حالات کے متعلق میری منظوری سے بتاریخ ۸ نومبر گذشتہ جاری کیا تھا جس شرائط پر بعض ہندوستانی ملازمتوں کے اون عہدہ داروں کو جو آئینی اصلاحات کے نفاذ

(۱) قبل از وقت پنشن یابی کے متعلق رزولیوشن مورخہ ۸ نومبر کے ایک نقرہ کا منشاء

(۲) پنشنوں کا آیندہ حصول

* "جملہ درخواستیں لوکل گورنمنٹ کو ۳۱ مارچ ۱۹۲۴ء سے پہلے پہونچ جانی چاہیں جس تاریخ تک عہدہ داران کو حال کی آئینی تبدیلیوں کے اثرات معلوم کرنے اور کسی قطعی فیصلہ پر پہونچنے کا کافی موقع مل جائیگا - مصرحہ ملازمتوں کا وہ عہدہ دار جو تاریخ مذکور سے پہلے درخواست نہیں کریں گے - اون آئینی ترقیوں کی وجہ سے جو بعد ازاں وقوع میں آئیں - قبل از وقت ملازمت سے کنارہ کش ہونے پر پنشن کے مستحق نہیں ہوں گے"

کی وجہ سے مزید ملازمت سے سبکدوش ہونا چاہیں۔ تناسب پنشن پر قبل از وقت ریٹائر ہونے کی اجازت دی جا سکتی ہے مجھے یہ بتایا گیا ہے۔ کہ رزولیوشن مذکور کے اس حصہ کے عام طور پر یہ معنے لئے گئے ہیں۔ کہ اوس کا صاف طور پر مطلب ہے۔ کہ کوئی ایسا عہدہ دار جس کی ملازمت بعد ازاں سیکرٹری اوف سٹیٹ باجلاس کونسل کی طرف سے اس آئین کی رو سے جو موجودہ ایکٹ گورنمنٹ ہند کے ذریعہ مہیا گیا ہے یا کسی انڈین ڈومینین گورنمنٹ کی طرف سے (بشرطیکہ ایسی گورنمنٹ کسی ایسی دستاویزات کی رو سے قائم کی جائے جو ایکٹ مذکور کو ترمیم یا منسوخ کرنے والی ہو) قبل از وقت ختم ہو جائے۔ اس ملازمت کے لئے جو اس نے انجام دی ہو پنشن کا اور اپنی ملازمت کے خلاف توقع ختم ہو جانے کے بدلے معاوضہ کا مطالبہ نہ کر سکے۔ قطع نظر اس خوف کے کہ جبریہ علیحدگی کے معاملہ میں ایسے نتائج مقصود ہیں۔ میں سمجھتا ہوں۔ کہ عبارت مذکور سے مزید یہ مراد لی جاتی ہے۔ کہ اس کی موجودگی میں کسی ایسی درخواست کی تجدید کی ہر ممکن امید منقطع ہو جاتی ہے۔ جو اس درخواست سے مشابہ ہے۔ جس کا رزولیوشن میں ذکر ہے۔ خواہ ایسی صورت رونما بھی ہو جائے۔ جس میں ایکٹ گورنمنٹ ہند کی ترمیم کے لئے کوئی ایسا مزید قانون وجود میں بھی آ جائے۔ جس کا اثر یہ ہو۔ کہ ہندوستان کو سلطنت مقبوضہ (ڈومینین) کا رتبہ عطا کرنے کے متعلق ایک قدم آگے بڑھایا جائے۔ اور بظاہر ان خیالات کا متحدہ اثر یہ ہوا ہے۔ کہ اس خیال کو رنگ آمیزی دی جائے۔ کہ وہ سب سے بڑی غرض جس کی وجہ سے صاحب سیکرٹری اوف سٹیٹ بہادر باجلاس کونسل اور یور ایکسیلنسی کی گورنمنٹ کو شرائط و احکام مندرجہ احکام مورخہ ۱۸ نومبر مرتب کرنے کی تحریک ہوئی۔ یہ غرض تھی۔ کہ آل انڈیا سروسز کے اس قدر ارکین کو جن کے گذارا سود و بہبود اور استعداد کے حکام مذکور براہ راست ذمہ دار ہیں۔ جو ممکن ہو سکیں۔ یہ ترغیب دی جائے۔ کہ وہ حتے الامکان بہت جلد اپنی ملازمت ترک کر دیں۔

(۲) مجھے وثوق کے ساتھ امید ہے۔ کہ یور ایکسیلنسی کی گورنمنٹ میرے ساتھ اس دلی رنج میں حصہ لے گی۔ کہ ایسی زبان استعمال کی گئی ہے۔ جس سے ایسے معنی لئے جا سکتے ہیں۔ جو ہماری اغراض و مقاصد سے حقیقی طور پر مختلف ہیں۔ اور مجھے اعتماد ہے۔ کہ اب ملازمت ہائے مذکور کے ارکین کو صاف طور پر یہ سمجھ میں آ گیا ہے۔ کہ:۔

(۱) آپ کے رزولیوشن میں بالواسطہ یا بلاواسطہ کوئی ایسا حوالہ درج نہیں ہے۔ جس کا مفہوم یہ لیا جائے۔ کہ ان عہدہ داروں کو جبراً ریٹائر کر دیا جائے گا۔ جن کی ملازمت کے متعلق بعد ازیں کسی حاکم کی طرف سے یہ فیصلہ کیا جا سکے۔ کہ وہ کسی وجہ سے ختم ہو جائیگی پیشتر اس کے کہ وہ ایسی ملازمت مکمل کر لیں۔ جو معمولی ضوابط و توقعات کے مطابق پنشن کا حق قائم کرے

(۲) کہ جب حضرت ملک معظم کی گورنمنٹ کے لئے وقت آ جائے۔ کہ وہ ہندوستان کو بیش از پیش پیمانہ پر سلف گورنمنٹ عطا کرنے کے ارادہ سے پارلیمنٹ میں مزید قانون سازی کی سفارش کرے۔ تو سیکرٹری اوف سٹیٹ بہادر باجلاس کونسل کا یقیناً یہ فرض ہو گا۔ کہ

وہ اس سوال پر پورے طور پر غور کرے۔ کہ ایسی تبدیلیوں کا ان اشخاص کی ملازمت کی شرائط پر کس حد تک اثر ہوگا جو ان کے پابند ہوں گے۔ اور کہ آیا کہ وہ تبدیلیاں ایسی ہیں کہ اُن کی وجہ سے اپنی مرضی سے پنشن پر جانے کے مواقع کو از سر نو کھولنے کی ضرورت ہے۔ اور کہ صاحب سیکرٹری اوف سٹیٹ کا مزید یہ فرض ہوگا۔ کہ ایسے احکام کو اس حد تک نافذ کرنے کی کارروائی کرے۔ جو مناسب و ضروری معلوم ہو۔ اور کہ آپ کے ریزولیوشن کے کسی حکم سے یہ مقصود نہیں ہے۔ کہ سیکرٹری اوف سٹیٹ بہادر با جلاس کونسل کو اس پابندی سے سبکدوش کر دیا جائے۔ اور

(۳) کہ عبارت زیر بحث کا مقصد نفس الواقعہ صرف یہ تھا۔ کہ اس امر کو واضح کر دیا جائے کہ متناسب پنشن کے لئے درخواست کرنے کا حق ایک خصوصی حق ہے۔ جو دارین کی مشترکہ منتخب کمیٹی کی صریح سفارش پر پارلیمنٹ (مجلس شوریٰ) کے بدیہی حکم سے تفویض ہوتا ہے اور جس کی غرض یہ ہے۔ کہ ان حالات کو پورا کیا جائے۔ جو ایکٹ مصدرہ ۱۹۱۹ء سے پیدا ہوئے ہیں یا جو زیر ایکٹ مذکور آئینی ترقی کے دوران میں پیدا ہوں۔ لہٰذا یہ ایک ایسا حق ہے۔ جو اگر ایک دفعہ پیش کیا جا چکے اور ختم ہو جائے۔ تو اس کے بعد صاحب سیکرٹری اوف سٹیٹ بہادر با جلاس کونسل کے لئے مناسب نہیں ہوگا۔ کہ وہ اس کی تجدید کرے۔ سوائے اس صورت کے جب ایسی تجدید کی ضرورت ان آئینی تبدیلیوں کی وجہ سے اسی قسم کی ذمہ داری سے پیدا ہو۔ جو پارلیمنٹ کے کسی مزید قانون کی وجہ سے رونما ہوں۔

۳ — لیکن میں اس موقع پر ہیچ قسم کی ان تشویشات کو رفع کرنے کی کوشش کرنا چاہتا ہوں۔ جن کی طرف میری توجہ مبذول کی گئی ہے۔ اور جو نہ صرف ہندوستانی ملازمتوں بلکہ سکرٹری اوف سٹیٹ بہادر با جلاس کونسل کے ولایتی عملہ کے موجودہ و سابق اراکین کے دلوں میں اس بارے میں پائی جاتی ہیں۔ کہ آیا ان کی پنشنیں (باشنائے ادائگی یا آئندہ) اس صورت میں محفوظ ہوں گی۔ جب ہندوستان کو سلطنت مقبوضہ کا درجہ پورا پورا یا اس کے قریب قریب اُس حد تک حاصل ہو جائے گا۔ جس کا نتیجہ یہ ہو۔ کہ ہندوستانی محاصل کے تصرف اور ملازمتوں کی وہ نگرانی جو موجودہ ایکٹ اور آئینی قواعد کی رو سے صاحب سکرٹری اوف سٹیٹ بہادر با جلاس کونسل کو حاصل ہے۔ کلاً یا جزواً صاحب ممدوح کے قبض و دخل سے نکل کر لیجسلیٹو اسمبلی کے ہاتھ آجائے گی۔

(۴) بلاشبہ بے فائدہ ہوگا۔ اگر میں یہ دعوے کروں۔ کہ کسی ایسے اعلان کا جو میری طرف سے کونسل اوف انڈیا کی طرف سے یا بحیثیت موجودہ حضرت ملک معظم کی گورنمنٹ کی طرف سے جاری ہو کا یہ اثر ہوگا۔ کہ کوئی آئندہ گورنمنٹ یا پارلیمنٹ ان تدابیر کے متعلق پابند ہو جائے گی۔ جو وہ تاج برطانیہ کی سول سروس ہند کے ان اشخاص کے موجودہ آئندہ حقوق کی حفاظت کے لئے تجویز اور توثیق کرے۔ جن کی حالاتِ ملازمت پر ہر ایسے مزید قانون کا اثر ہو سکتا ہو۔ جو پارلیمنٹ از راہ حکمت بعد ازیں ایکٹ مصدرہ ۱۹۱۹ء کی رو سے اختیار کردہ

پالسی کے مطابق بنانا تجویز کرے۔ لیکن یہ صاف ظاہر ہے۔ کہ اس حقیقت کا عام طور پر اعتراف نہیں کیا جاتا۔ کہ ہر ایسی تبدیلی پر جو نگرانی کے ان اختیارات کی تخفیف میں جواب اس بارے میں صاحب سیکرٹری اوف سٹیٹ بہادر باجلاس کونسل استعمال کرتے ہیں یا اوس قانون کی ترمیم میں جس کی رو سے ایسی پنشنیں محاصل ہند پر بمنزلہ آئینی خرچ کے ہیں پوری پوری پبلک بحث کے بغیر اور پارلیمنٹ کے صریح قانون کی رو سے کوئی اثر نہیں ہو سکتا یہ توقع نہیں کی جاسکتی۔ کہ حضرت ملک معظم کی گورنمنٹ اور پارلیمنٹ اس فرض کو معمولی سمجھینگی جو ایسے قانون کے لازمی حصہ کے طور پر اس بات، کا انتظام کرنے کے لئے ان پر عائد ہوتا ہے۔ کہ اس وقت جو پنشنیں جاری ہوں وہ بدستور ادا ہوتی رہیں۔ اور کہ ان عہدہ داروں کو جن کی خدمات لازمی طور پر ختم کرنی پڑیں مناسب معاوضہ دیا جائے۔ اور نیز یہ کہ پنشن کے مستحق اشخاص کو ضرور پنشن ملے گی۔ لیکن بہرکیف میں اپنی کونسل کی پوری رضامندی سے اپنا اس عقیدہ کا تحریری اقرار کرنا چاہتا ہوں۔ کہ کوئی آئندہ سکرٹری اوف سٹیٹ باجلاس کونسل ہند ان فرائض کی ادائیگی میں قاصر نہیں پایا جائے گا۔ نہ ہی وہ اس بات پر رضامند پایا جائے گا۔ کہ وہ اس نگرانی کو جو وہ نافذ الوقت قانون کی رو سے استعمال کرتے ہیں۔ ذرا بھی حوالے کریں۔ بجز ان شرائط پر جن کی رو سے اس بات کا کافی انتظام ہو جائے۔ کہ ان حقوق وہ توقعات کا پورے طور پر ذمہ اٹھا لیا گیا ہے۔ جن کی حفاظت ان کا اس وقت فرض ہے۔۔

کاشی رام پریس لاہور

رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۶

پنجاب گورنمنٹ گزٹ

گورنمنٹ کے حکم سے جاری ہوُا

نمبر ۱۷] لاہور - ۲۸ - اپریل (مجریہ ۵ مئی) ۱۹۲۲ء یوم جمعہ [جلد ۵۰

دوسرا حصّہ

احکام مستخرجہ گزٹ آف انڈیا

احکام مستخرجہ گزٹ آف انڈیا - مقام دہلی یوم شنبہ مورخہ یکم اپریل ۱۹۲۲ء

صیغہ تجارت

اشتہارات

محصولات پرمٹ

مقام دہلی - یکم اپریل - ۱۹۲۲ء

نمبر ۹۸ - ۱۷ - بہ تفاذ اختیارات عطیہ از روے دفعہ ۳ - ایکٹ محصول تجارتی اشیاء ہند ۱۸۹۴ء

نمبر ۸ - مصدرہ ۱۸۹۴ء) و بہ تنسیخ اشتہارات گورنمنٹ ہند صیغہ تجارت نمبری ۱۹۱۷ء مورخہ ۱۷ دسمبر ۱۹۲۱ء و نمبری ۸۹۸ مورخہ ۱۸ فروری ۱۹۲۲ء معلے القاب جناب نواب گورنر جنرل بہادر با جلاس کونسل اُن چیزوں کی جو ضمیمہ منسلکہ اشتہار ہذا کے خانہ نمبر ۲ میں درج ہیں - بغرض تشخیص محصول پرمٹ وہ مالیت قرار دیتے ہیں - جو خانہ نمبر ۴ ضمیمہ مذکور میں لکھی ہوئی ہے ٭

ضمیمہ نمبر ۲ - محصول درآمد

نوٹ :- اصطلاح "مالیت کے حساب سے" جو ضمیمہ ہذا میں استعمال کی گئی ہے حوالہ اس "حقیقی مالیت" سے ہے جس کی تعریف دفعہ ۳۰ ایکٹ محصولات پرمٹ ۱۸۷۸ء (نمبر ۸ ۱۸۷۸ء) میں کی گئی ہے -

نمبر	چیزوں کے نام	فی	مالیت جو محصول کی تشخیص کی غرض سے قرار دی گئی	محصول
	اول کھانے اور پینے کی چیزیں اور تمباکو **مچھلی**		روپیہ - آنہ	
۱	مچھلی جس کو نمک لگایا ہوا ہو خشک یا تازہ -	ہندوستانی من وزنی ۸۲⅓ پونڈ ایورڈ وپائس		ایسا محصول جس کی شرح یا شرح ہائے ایک روپیہ سے زیادہ نہ ہو اور جس کو جناب معلے القاب نواب گورنر جنرل بہادر با جلاس کونسل وقتاً فوقتاً گزٹ ہند میں اشتہار کے ذریعہ سے مقرر فرمائیں ٭
۲	مچھلی کے معدے بشمول سنگائی اور سوذبل اور شارک مچھلی کے پر -	فی	مالیت کے حساب سے	٭ ۱۵ - فیصدی

٭ یکم اپریل ۱۹۲۲ء کو اور تا صدور مزید اطلاع شرح ۷/۶ پائی ہے -

نمبر	چیزوں کے نام	فی	مالیت جو محصول کی تشخیص کی غرض سے قرار دیگئی		
			روپیہ - آنہ		
۳	مچھلی سوائے اس مچھلی کے جس کو نمک لگا ہو۔ (دیکھو نمبر ۱)	۔۔	مالیت کے حساب سے	۱۵ فیصدی	
	میوے اور ترکاریاں				
۴	میوے و ترکاریاں جملہ اقسام کی تازہ یا خشک کی ہوئی یا نمک لگائی ہوئی یا محفوظ کی ہوئی				
	بادام بے پوست ۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔	ہنڈرڈ ویٹ	۷۵ - ۰	۱۵-	فیصدی
	بادام پوست دار ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔	"	۲۴ - ۰	"	"
	کاغذی { فارس کے	"	۱۲۵ ۰	"	"
	کاغذی { یورپ کے بشمول نیم کاغذی	"	" ۰	"	"
	کاغذی { گول بادام	"	۴۰ ۰	"	"
	مغز کاشو یا مغز کاجو ۔ ۔۔ ۔۔	ہنڈرڈ ویٹ	۲۸ ۰	"	"
	ناریل سٹریٹ اور ڈچ ایسٹ انڈیا کا ۔۔	ہزار	۱۲۰ ۰	"	"
	" " مالدیپ کا ۔۔	"	۴۰ ۰	"	"
	" " دوسری قسموں کا ۔۔	"	۶۵ ۰	"	"
	مغز ناریل (کھوپرہ) ۔۔ ۔۔ ۔۔	ہنڈرڈ ویٹ	۲۴ ۰	"	"
	خشک انگور۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔	" "	۴۵ ۰	"	"
	کھجوریں خشک بوریوں میں۔ ۔۔ ۔۔	" "	۱۱ ۰	"	"
	" تر بوریوں میں اور ٹوکروں میں۔ اور بنڈلوں میں۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔	" "	۹ ۰	"	"
	کھجوریں تر ظرفوں اور بکسوں اور ٹینوں اور ٹوکروں میں۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔	" "	۱۲	"	"
	خشک انجیر فارس کی	" "	۱۶ ۰	"	"
	لہسن	" "	۱۰ ۰	"	"
	پستہ	" "	۱۰۰ ۰	"	"
	کشمش از قسم منقہ خلیج فارس کی ۔۔	" "	۱۵ ۰	"	"
	کشمش اور قسموں کی ۔۔ ۔۔	۔۔	مالیت کے حساب سے	"	"

نمبر	چیزوں کے نام	فی	مالیت جو محصول کی تشخیص کی غرض سے قرار دیگئی	کیفیت
	کل اور قسموں کے میوے اور ترکاریاں تازہ - یا خشک یا نمک لگی ہوئی یا محفوظ کی ہوئی۔	..	مالیت کے حساب سے	۱۵- فیصدی
	غلہ - دال - اور آٹا			
۵	غلہ اور دال جملہ اقسام کے جس میں درآمد کیا ہوا غلہ اور دال داخل ہے - لیکن آٹا داخل نہیں ہے - (دیکھو نمبر ۶)+	..	مالیت کے حساب سے	۲½ فیصدی
۶	آٹا + ...	..	"	۱۵- فیصدی
	شرابیں			
۷	ایل بیرا - اور پورٹر سایڈرا - اور دیگر مخمور شرابیں۔	امپیریل گیلن یا ۶ کوارٹ بوتلیں	..	۸ - آنہ
۸	لیکورو کارڈیل مکسچر اور دیگر چیزیں - جن میں سپرٹ ہو۔			
	(الف) ایسے طریق پر درج ہو - جس سے ظاہر ہو کہ اس کی طاقت کا ٹسٹ نہیں کیا جائے گا۔	"	"	۳۰- روپیہ
	(ب) جب ٹسٹ کیا گیا ہو۔	امپیریل گیلن یا ۶ کوارٹ بوتلیں لندن پروف طاقت کی	..	۲۱ روپیہ ۱۴- آنہ اور محصول مطابق کمی بیشی لندن پروف کے گھٹ بڑھ سکتا ہے +

+ اشتہار گورنمنٹ ہند نمبری ۵۸۹۶ مؤرخہ ۸- اکتوبر ۱۹۲۱ء کی رو سے اناج دال - آٹا ۳۰ جون ۱۹۲۲ء تک محصول درآمد سے مستثنےٰ ہے۔

نمبر	چیزوں کے نام	فی	مالیت جو محصول کی تشخیص کی غرض سے قرار دیگئی	محصول
			روپیہ - آنہ	
۹	خوشبودار سپرٹ -	امپیریل گیلن یا ۶-کوارٹ بوتلیں		۳۶ - روپیہ
۱۰	سپرٹ جو مؤثر اور مستقل طور پر انسانی خوراک کے ناقابل بنادی گئی ہو۔	..	مالیت کے حساب سے	۷½ - فیصدی
۱۱	تمام دیگر اقسام کی سپرٹ-	امپیریل گیلن یا ۶-کوارٹ بوتلیں لنڈن پروف طاقت کی -	..	۲۱-روپیہ ۱۴-آنہ یہ محصول مطابق کمی بیشی لنڈن پروف کے گھٹ کے بڑھ سکتا ہے -
۱۲-	شرابیں-			
	شمپین اور دیگر سپارکلنگ شرابیں-جن میں ۴۲ فی صدی سے زیادہ پروف سپرٹ نہ ہو۔ -	امپیریل گیلن یا ۶ کوارٹ بوتلیں	..	۹ روپیہ
	جملہ دیگر اقسام کی شرابیں جن میں ۴۲ فی صدی سے زیادہ سپرٹ نہ ہو۔	امپیریل گیلن یا ۶ کوارٹ بوتلیں-		۴ روپیہ ۸ آنہ
	مگر شرط یہ ہے کہ کل سپارکلنگ اور بھٹی کی شرابیں جن میں ۴۲ فیصدی سے زیادہ پروف سپرٹ ہو اُن کا محصول اُس شرح سے لیا جائیگا- جو تمام دیگر اقسام کی سپرٹ پر عائد ہوتی ہے +			
	کھانے کی چیزیں اور اچار مربہ وغیرہ			
۱۳	سرکہ پیپوں میں	..	مالیت کے حساب سے	۲½ فیصدی
۱۴	کھانے کی چیزیں اور اچار مربہ وغیرہ - اور بننے کا سامان ہر قسم کا لیکن اس میں سرکہ پیپوں نہیں			

نمبر	چیزوں کے نام		فی	مالیت جو محصول کی تشخیص کی غرض سے قرار دیگئی	محصول
				روپیہ - آنہ	
	شامل نہیں (دیکھو نمبر ۱۳)				
	مکھن		پونڈ	۲ - ۴	۱۵ - فی صدی
	کساوا ٹپیوکا - یا ساگو دانہ (سالم)		ہنڈرڈویٹ	۱۲ - ۰	؍؍
	؍؍ ؍؍ (آٹا)		؍؍	۱۱ - ۰	؍؍
	چین کا مربہ شیرے میں		۶ بڑے یا ۱۲ چھوٹے مرتبانوں کا ایک بکس	۱۰ - ۰	؍؍
	چین کا مربہ خشک مصالحہ دار		پونڈ	۰ - ۸	؍؍
	؍؍ کے ڈبوں میں بند ہوئے		۴ درجنوں کا بکس	۱۷ - ۰	؍؍
	کوکم		ہنڈرڈویٹ	۱۰ - ۰	؍؍
	گھی		؍؍	۵۰ - ۰	؍؍
	زعفران خالص		پونڈ	۵۰ - ۰	؍؍
	چین کی سویاں - آٹا		ہنڈرڈویٹ	۲۵ - ۰	؍؍
	؍؍ ؍؍ مٹر		؍؍	۲۷ - ۰	؍؍
	؍؍ ؍؍ چاول		؍؍	۱۹ - ۰	؍؍
	سرکہ جو پیپوں میں نہ ہو			مالیت کے حساب سے	؍؍
	چین کا خمیر			۳۰ - ۰	؍؍
	کل اور قسموں کے کھانے پینے کی چیزیں - اور بننے کا سامان آچار و مربہ وغیرہ			مالیت کے حساب سے	؍؍
	مصالحے				
۱۵	مصالحے جملہ اقسام کے				
	سپاری خام بغیر کتری ہوئی یا بڑے ٹکڑوں کتری ہوئی اور نیز سرخ رنگ کی بغیر کتری ہوئی گوا کی		ہنڈرڈویٹ	۱۲ - ۰	؍؍

نمبر	چیزوں کے نام	فی	مالیت جو محصول کی تشخیص کی غرض سے قرار دی گئی (روپیہ)	(آنہ)	محصول
	سپاری خام بغیر کتری ہوئی یا پتلے ٹکڑوں میں کتری ہوئی اور نیز سرخ رنگ کی بغیر کتری ہوئی آپناڑے کی	ہنڈرویٹ	۱۲	۰	۱۵ فیصدی
	سپاری ابلی ہوئی کتری ہوئی یا پتلے ٹکڑوں میں کتری ہوئی	〃 〃	۲۰	۰	〃 〃
	سپاری بغیر کتری ہوئی لنکا کی۔	〃 〃	۱۵	۰	〃 〃
	سپاری خام کتری ہوئی (دھوپ میں خشک کی ہوئی) سیلون کی۔	〃 〃	۳۰	۰	〃 〃
	سپاری کل اور قسموں کی۔	..	مالیت کے حساب سے		〃 〃
	لال مرچ خشک	ہنڈرویٹ	۲۵	۰	〃 〃
	لونگ	〃 〃	۶۵	۰	〃 〃
	〃 جن کا ست نکلا ہوا ہو	〃 〃	۲۰	۰	〃 〃
	〃 کی ڈنڈیاں اور ٹوپیئیں	〃 〃	۹	۰	〃 〃
	〃 زلینی لونگ کے بیج	〃 〃	۲۰	۰	〃 〃
	سونٹھ	〃 〃	۳۰	۰	〃 〃
	جاوتری	پونڈ	۰	۱۲	〃 〃
	جائفل	〃 〃	۰	۷	〃 〃
	〃 معہ پوست	〃 〃	۰	۴	〃 〃
	مرچ سیاہ	ہنڈرویٹ	۲۶	۰	〃 〃
	سفید	〃 〃	۴۰	۰	〃 〃
	کل اور قسموں کا مصالحہ۔	..	مالیت کے حساب سے		〃 〃
	چینی				
۱۶	انگریزی مٹھائی۔	..	مالیت کے حساب سے		۳۰ 〃
۱۷	چینی جملہ اقسام کی بشمول شیرے اور سیکرین کی				

	[illegible]					
	[illegible]		〃	١٨ - ٠	〃	〃
	[illegible]		[illegible]	١٨ - ٠	[illegible] ١٥	
	[illegible]					
٧١	[illegible]					
	[illegible]					
	[illegible]	〃	〃	٠ - ٠ - ٢٥	〃	〃
	[illegible]			[illegible]		/
	[illegible]	〃	〃	[illegible]	〃	〃
	[illegible]	〃	〃	٢ ٠	〃	〃
	[illegible]	〃	〃	٢ ٠	〃	〃
	〃 〃 [illegible]	〃	〃	٢ - ٨٨	〃	〃
	〃 〃 〃 〃 [illegible]	〃	〃	١٨ - ٨٢	〃	〃
	〃 〃 〃 〃 [illegible]	〃	〃	١٨ - ٨٢	〃	〃
	[illegible]	〃	〃	٢ - ٨٧	〃	〃
	〃 〃 〃 〃 [illegible]	〃	〃	٢ - ٨٧	〃	〃
	[illegible]	〃	〃	٢ - ٨٧	〃	〃
رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۶۴

Dieu et mon droit

گورنمنٹ پنجاب گزٹ

گورنمنٹ کے حکم سے جاری ہوا

نمبر ۱۲] لاہور - ۲۴ مارچ (مجریہ ۳۱ مارچ) سنہ ۱۹۲۲ء یوم جمعہ [جلد ۵۰

تیسرا حصہ

اشتہارات ہائیکورٹ وصاحبان فنانشل کمشنر بہادر وغیرہ

عدالت عالیہ ہائیکورٹ آف جوڈیکیچر واقع لاہور

اشتہارات

مورخہ ۱۵ - مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

نمبر ۸۰ - جی - ۱ - اشتہار ہذا کے ذریعہ سے مشتہر کیا جاتا ہے - کہ عدالت عالیہ ہائی کورٹ

آف جوڈیکیچر واقع لاہور نے محمد عظیم صاحب ولد ایم - احمد بخش کو زمرہ ایڈووکیٹان میں حسب ضابطہ داخل اور بھرتی فرمایا - اور ان کا نام عدالت ہذا کے رجسٹر ایڈووکیٹان میں باضابطہ درج کیا گیا*

۱۸ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۸۱ - جی - پنڈت لکھمی دت جو ہائیکورٹ کے رجسٹر "الف" کے منظور شدہ امیدوار ہیں - بذریعہ اشتہار ہذا آغا محمد یوسف خاں منصف کی جگہ جو ٹرینںگ بندوبست کے لئے بھیجے گئے - یا تا احکام ثانی بطور قائم مقام منصف مقرر ہوئے - اور تلاگنگ ضلع دیوانی اٹک میں تعینات کئے گئے - جہاں انہوں نے ۲۷ فروری ۱۹۲۲ء کو قبل دوپہر اپنے کام کا اہتمام لیا*

نمبر ۸۲ - پنڈت لکھمی دت قائم مقام منصف ان اختیارات کی رو سے جو ایکٹ عدالت ہائے پنجاب مصدرہ ۱۹۱۸ء کی دفعہ ۲۶ میں تفویض ہوئے ہیں - اختیار سماعت (مطابق اشتہار نمبری ۱۱۸ - جی مورخہ ۲۲ مارچ ۱۹۲۱ء) استعمال کرنے کی غرض سے ۲۷ فروری ۱۹۲۲ء سے اس وقت تک منصف درجہ اول مقرر کیئے گئے - جب تک کہ وہ منصف رہیں*

نمبر ۸۳ - جی - باوا جگجیت سنگھ منصف ۳ ماہ کی ٹرینںگ بندوبست کے ختم کرنے پر گجرات ضلع دیوانی گجرات میں مکرر تعینات کیئے گئے - جہاں انہوں نے ۲۳ فروری ۱۹۲۲ء کو قبل دوپہر اپنے فرائض کا اہتمام لیا*

۲۰ - مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۸۴ - جی - تمام منصف اور امیدواران عہدہ منصفی کی توجہ اشتہار گورنمنٹ پنجاب نمبری ۶۲۵۸ - گزٹ - مورخہ ۲۴ فروری ۱۹۲۲ء کی طرف دلائی جاتی ہے - اشتہار مذکور میں ۱۸ - اپریل ۱۹۲۲ء اور اس کے اگلے چار ایام اسسٹنٹ اور اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنروں کے ششماہی امتحان کے لئے مقرر کئے گئے ہیں*

۲ - اُن جملہ اشخاص سے جن کے لیئے امتحان دینا ضروری ہو - امتحان میں شریک ہونے کی توقع کی جاتی ہے - جن اشخاص کا ارادہ امتحان میں شریک ہونے کا ہو - ان کو چاہئے - کہ تاوقتیکہ ان کو صریحاً کسی اور طرح پر حکم نہ دیا جائے گا سکرٹری صدر کمیٹی امتحان کو پنجاب سول سکرٹری ایٹ لاہور کی معرفت اپنے ارادہ کی اطلاع دیں اور مراتب حسب نمونہ ذیل تاریخ امتحان سے کم از کم دو ہفتے پہلے صاحب موصوف کی خدمت میں ارسال کریں*

امتحان دینے والے کا نام	مضامین یا شق ہائے جن میں پہلے امتحان پاس کر لیا ہو ان کی تائید میں گزٹ کے اشتہار کا نمبر و تاریخ بیان کرنی چاہیئے	مضامین یا شق ہائے جن میں امیدوار شریک ہوگا

۳- جن اشخاص کا ارادہ امتحان دینے کا ہو- اگر وہ کسی وجہ سے شریک امتحان نہ ہو سکیں تو ان کو لازم ہے- کہ وہ امتحان میں شامل نہ ہو سکنے کی اطلاع صدر کمیٹی امتحان کے سکرٹری کو بروقت دیں- اور اگر ان کی غیر حاضری کی وجہ بیماری ہو- تو ان کو چاہیئے - کہ ایک ڈاکٹری سارٹیفکیٹ اپنے اعلےٰ افسران کی خدمت میں پیش کریں ÷

مورخہ ۲۱- مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۸۵- جی- اشتہار ہذا کے ذریعہ مشتہر کیا جاتا ہے- کہ عدالت عالیہ ہائی کورٹ آف جوڈیکیچر واقع لاہور نے لالہ بشمبر ناتھ پوری بی- اے- ایل- ایل- بی ولد لالہ کرم چند پوری کو زمرہ وکلاء میں داخل فرمایا ÷

حسب الحکم وغیرہ
دستخط - اے- گورڈن واکر
رجسٹرار

دفتر صاحبان فنانشل کمشنر بہادر

اشتہارات

۱۸- مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۲ - ۱۰۲۴ - ج - ۸۹ - بہ تنسیخ اشتہار نمبری ۲ - ۱۰۲۴ - ج - ۸۷ مورخہ ۱۰-

مارچ سنہ ۱۹۲۲ء لالہ لکھمی چند نائب تحصیلدار بطور تحصیلدار عارضی بالاستقلال مقرر ہونے پر سید محمد مرزا تحصیلدار کی جگہ جو ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء کو پنشن یاب ہوئے تحصیل فتح آباد ضلع حصار میں تعینات کیے گئے*

نمبر ۲-۱۰۲۴-ج-۹۱- چودھری فیض علی خان قائم مقام تحصیلدار مولوی محمد سمیع تحصیلدار تبدیل شدہ کی جگہ تحصیل روپڑ ضلع انبالہ سے تحصیل نرائن گڑھ ضلع مذکور کو تبدیل ہوئے*

نمبر ۲-۱۰۲۴-ج-۹۲- ایم- محمد سمیع تحصیلدار لالہ لچھو مل تحصیلدار تبدیل شدہ کی جگہ تحصیل نرائن گڑھ ضلع انبالہ سے صدر تحصیل ضلع کرنال کو تبدیل ہوئے*

نمبر ۲-۱۰۲۴-ج-۹۳- لالہ لچھو مل تحصیلدار- ایم- محمد لطیف خان قائم مقام تحصیلدار کی جگہ جو اپنے اصلی عہدہ نائب تحصیلداری پر واپس ہوئے- صدر تحصیل ضلع کرنال سے صدر تحصیل ضلع رہتک کو تبدیل ہوئے*

نمبر ۲-۱۰۲۶-ج-۹۱- ایم- بنیت سنگھ امیدوار تحصیلدار بطور تحصیلدار عارضی بالاستقلال مقرر ہونے پر ایم- عطاء اللہ خان تحصیلدار تبدیل شدہ کی جگہ تحصیل رعیہ ضلع سیالکوٹ میں تعینات کیے گئے*

نمبر ۲-۱۰۲۶-ج-۹۲- ایم- عطاء اللہ خان تحصیلدار چودھری فیض علی خاں قائم مقام تحصیلدار تبدیل شدہ کی جگہ تحصیل رعیہ ضلع سیالکوٹ سے تحصیل روپڑ ضلع انبالہ کو تبدیل ہوئے*

۲۲- مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

نمبر ۳-۲۵ (نومبر سنہ ۱۹۲۱ء) ۱۹- اشتہار نمبری -۳-۲۵- (نومبر سنہ ۱۹۲۱ء) ۱۵ مورخہ ۲۳ دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء میں نمبر شمار ۳۲ کے بالمقابل خانہ جات ۸ و ۹ میں "پاس ہوا" حذف کرو- اور نمبر شمار ۴۲ مطابق مندرجہ ذیل ثبت کرو:-

۴۲	ریاست پٹیالہ	ایم گوردت سنگھ	تحصیلدار	...	...	...	پاس ہوا	پاس ہوا	پاس ہوا	قانون فوجداری وقانون دیوانی اور قانون مال

حسب الحکم وغیرہ

دستخط- ایم- ایس- ڈی

سینیر سکرٹری صاحبان فنانشل کمشنر بہادر

پنجاب

صیغہ تعمیرات سرکاری

شعبہ عمارات وسڑکہائے

اشتہار

مورخہ ۱۸ - مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۴۰۵ - ای - لالہ سرداری مل صاحب اپر سب ارڈینیٹ پراونشل ڈویژن شیخوپورہ سے پراونشل ڈویژن انبالہ کی تحتی ڈویژن انبالہ کو تبدیل ہوئے - وہ اوّل الذکر ڈویژن سے ۱۳ فروری ۱۹۲۲ء کو بعد دوپہر علحدہ ہوکر آخرالذکر ڈویژن میں ۱۴ فروری ۱۹۲۲ء کو قبل دوپہر حاضر ہوئے۔

دستخط - اے - ایس - منٹگمری
چیف انجنیر صیغہ تعمیرات سرکاری پنجاب

صیغہ آبپاشی پنجاب

اشتہارات

۱۷ - مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۲۵۱۱ - جی - آئی - پنڈت شام سندر اپر سب آرڈینیٹ متعینہ ڈویژن شیخوپورہ نہر اپر چناب کو زیر قاعدہ ۸۱ مجمد قواعد بنیادی اوسط تنخواہ پر ۲ ماہ کی ڈاکٹری سرٹیفکیٹ پر رخصت اُس رخصت کی توسیع میں دی گئی - جو ان کو اشتہار شعبہ آبپاشی نمبری ۳۴۴۷ - جی - آئی - مورخہ ۲۱ جنوری ۱۹۲۲ء میں عطا ہوئی۔

دستخط - ڈبلیو - پی - سنکسٹر
چیف انجنیر تعمیرات آبپاشی
پنجاب

مورخہ ۱۸ - مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۱۷۰۲۵ - جی - آئی - مندرجہ ذیل تبدیلیاں عمل میں آئیں *

نام	رتبہ	کس ڈویژن سے	تاریخ روانگی	کس ڈویژن میں	تاریخ حاضری	کیفیت
لالہ ہنسی رام	اپر سب آرڈینیٹ	ڈویژن پھالیہ نہر اپر جہلم	۱۸ فروری ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	سلیمان کی دیرہ ڈویژن دوم بڑطانوی حلقہ ستلج ویلی پروجیکٹ	۲۷ فروری ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	
لالہ گردھاری لال (۲)	ایضاً	ڈویژن لوئر ستلج انہار طغیانی	...	ڈویژن انہار مظفر گڑھ	۱۳ فروری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	رخصت سے واپس آنے پر *
بھائی کشن سنگھ	ایضاً	ڈویژن اکاڑہ نہر لوئر باری دوآب	۲ مارچ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	ڈویژن کویری ستلج ویلی پروجیکٹ	۱۱ - مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	

دستخط - ای - آر - خائے

چیف انجنیر تعمیر ستلج ویلی پروجیکٹ شعبہ آبپاشی پنجاب

صیغہ تعلیم

اشتہارات

مورخہ ۱۵ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۱۴۰۰۵ - ای - مندرجہ ذیل تبدیلیاں عمل میں آئیں *

نام	رتبہ	کہاں تبدیل ہوا	کس تاریخ سے	کیفیت
ایم - غلام محمدؐ	جمناسٹک انسٹرکٹر گورنمنٹ ہائی سکول مظفرگڑھ	گورنمنٹ ہائی سکول ملتان اُسی حیثیت میں	تاریخ حاضری سے	بضرورت کارسرکار
لالہ جھنگی رام	جمناسٹک انسٹرکٹر گورنمنٹ ہائی سکول ملتان	گورنمنٹ ہائی سکول مظفر گڑھ اُسی حیثیت میں	ایضاً	

نمبر ۵۰۳۲ - اے - مندرجہ ذیل تبدیلیاں بضرورت کارسرکار مشتہر کی جاتی ہیں ۔

نام	رتبہ	کہاں تعینات یا تبدیل ہوا	کس تاریخ سے	کیفیت
ایم - محمدؐ منیر	چہارم ماسٹر گورنمنٹ سررشتہ تیلتی ہائی سکول راولپنڈی رخصتی	گورنمنٹ ہائی سکول گوجرانوالہ بطور سوم ماسٹر	یکم مارچ ۱۹۲۲ء	وہ بدستور بلا مواجب رخصت پر رہینگے ۔
لالہ کرم چند بلگن	پنجم ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول گوجرانوالہ	گورنمنٹ سررشتہ تیلتی ہائی سکول راولپنڈی بطور ششم ماسٹر	ایضاً	وہ بدستور - ایم محمدؐ منیر کی جگہ بطور سوم ماسٹر کام کرتے رہیں گے ۔

مورخہ ۱۶ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۵۰۹۹ - ای - مندرجہ ذیل ترقیاں و تقررات مشتہر کئے جاتے ہیں ۔

نام	رتبہ	ترقی دی گئی		کس عہدہ پر مقرر ہوا	کس تاریخ پر	کیفیت
		کس درجہ سے	کس درجہ میں			
ایم - غلام محمد خاں	انگریزی ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول سرگودھا	جماعت چہارم (۸۰ - ۴ - ۱۰۰ روپے) ماتحت ملازمت تعلیم اینگلو ورنیکلر سیکشن	جماعت دوم (۱۴۰ - ۱۰ - ۱۹۰ روپے) ماتحت ملازمت تعلیم اینگلو ورنیکلر سیکشن قائم مقام	قائم مقام اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ انسپکٹر مدارس میانوالی	اہتمام لینے کی تاریخ سے	مفتی احمد سعید کی جگہ ۔
لالہ پرمانند	جونیئر انگریزی ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول سرگودھا	جماعت پنجم (۵۵ - ۳ - ۷۰ روپے) ماتحت ملازمت تعلیم اینگلو ورنیکلر سیکشن	جماعت چہارم (۸۰ - ۴ - ۱۰۰ روپے) ۔ ماتحت ملازمت تعلیم اینگلو ورنیکلر سیکشن قائم مقام	...	ایضاً	ایم - غلام محمد خاں کی جگہ

مورخہ ۲۰ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۵۳۲۱ - ای - مندرجہ ذیل ترقی و تقرر مشتہر کئے جاتے ہیں ۔

نام	رتبہ	ترقی دی گئی		کس عہدہ پر مقرر ہوا یا کہاں تبدیل ہوا	کس تاریخ سے	کیفیت
		کس درجہ سے	کس درجہ میں			
بھائی مہاں سنگھ	قائم مقام ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول جہلم	جماعت اول (۲۰۰ - ۱۰ - ۲۵۰ روپے) ماتحت ملازمت تعلیم انیگلو ورنیکلر سیکشن قائم مقام ۔	جماعت اول (۲۰۰ - ۱۰ - ۲۵۰ روپے) ماتحت ملازمت تعلیم اینگلو ورنیکلر سیکشن ایک سال کے لئے امتحاناً	ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول جہلم	یکم مارچ ۱۹۲۲ء	بھائی نرائن سنگھ کی جگہ جو ڈسٹرکٹ انسپکٹر مدارس شاہ پور مقرر ہوئے ۔

دستخط ۔ جی ۔ اینڈرسن
ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم پنجاب

صیغہ سول ویٹرنیری پنجاب

اشتہارات

۱۷ ۔ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۶۴ ۔ ایم جعفر علی کی درجہ سوم سے درجہ دوم عارضی بالاستقلال میں جو ترقی یکم ستمبر ۱۹۲۱ء سے اشتہار محکمہ ہذا نمبری ۲۹۲ مطبوعہ صفحہ ۸۴۷ حصہ سوم گزٹ پنجاب مورخہ ۳۰ ستمبر ۱۹۲۱ء میں مشتہر کی گئی تھی ۔ بذریعہ اشتہار ہذا منسوخ کیجاتی ہے ۔

نمبر ۶۵ ۔ جعفر علی ویٹرنیری . . اسسٹنٹ درجہ سوم کو ۱۸ ۔ اکتوبر ۱۹۲۱ء سے درجہ دوم (عارضی بالاستقلال) میں ترقی دی گئی ۔

دستخط ۔ ٹی ۔ ایف ۔ کوئرک
چیف سپرنٹنڈنٹ صیغہ سول ویٹرنیری
پنجاب

صیغہ ڈاکٹری

اشتہارات

مورخہ ۱۵-۱۶-مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۱۹۷۶-ا-ای - مندرجہ ذیل سب اسسٹنٹ سرجن کو رخصت عطا کی گئی :-

نام	رتبہ	میعاد رخصت	قسم رخصت اور قواعد جن کی رو سے رخصت عطا ہوئی	کس تاریخ سے	کیفیت
لالہ دولت رائے	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۷۸۷	۳ ماہ	نصف اوسط تنخواہ پر فرلو زیر قاعدہ ۸۱ منجملہ قواعد بنیادی	...	اُس رخصت کے تسلسل میں جو ان کو محکمانہ اشتہار نمبری ۱۵۹۲۰-ای مورخہ ۱۳-دسمبر ۱۹۲۱ء میں عطا ہوئی ۔

نمبر ۲۱۲۰-ای - مندرجہ ذیل سب اسسٹنٹ سرجن کو رخصت عطا کی گئی :-

نام	رتبہ	میعاد رخصت	قسم رخصت اور قواعد جنکی رو سے رخصت عطا ہوئی	کس تاریخ سے	کیفیت
سید احمد اللہ شاہ	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۹۲۲	۳ ماہ	رعایتی زیر قاعدہ ۸۱ منجملہ قواعد بنیادی و چٹھی گورنمنٹ ہند صیغہ خزانہ نمبری ۱۶۸-سی-ایس آر-مورخہ ۲۴-فروری ۱۹۱۹ء ۔	...	اس رخصت کے تسلسل میں جو ان کو محکمانہ اشتہار نمبری ۱۱۱۲-ا-ای-مورخہ ۳۰ جنوری ۱۹۲۲ء میں عطا ہوئی ۔

مورخہ ۱۷-مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۲۵۱۶-ای-مندرجہ ذیل سب اسسٹنٹ سرجن کو رخصت عطا کی گئی۔

نام	رتبہ	میعاد رخصت	قسم رخصت اور قواعد جنکی رو سے رخصت عطا ہوئی۔	کس تاریخ سے	کیفیت
مرزا حمید اللہ بیگ	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۸۸۳	۳ ماہ	نصف اوسط تنخواہ پر ڈاکٹری سرٹیفکیٹ کی رخصت - زیر قاعدہ ۸۱ منجملہ قواعد بنیادی -	...	اس رخصت کے تسلسل میں جو اُن کو محکمانہ اشتہار نمبری ۳۲۳۳۱-ای - مورخہ ۲۴ اکتوبر ۱۹۲۱ء میں عطا ہوئی۔

مورخہ ۲۰ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۲۴۸۱-ای - مندرجہ ذیل سب اسسٹنٹ سرجن کو رخصت عطا کی گئی۔

نام	رتبہ	میعاد رخصت	قسم رخصت اور قواعد جنکی رو سے رخصت عطا ہوئی	کس تاریخ سے	کیفیت
لالہ چندر ابنسی	اسسٹنٹ سرجن	۲ ماہ اور دس یوم	رعایتی زیر قاعدہ ۸۱ منجملہ قواعد بنیادی	۱۱ فروری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	وہ رعایتی رخصت کے دوران میں اپنے عہدہ کا استحقاق رکھیں گے۔
--	--	--	--	--	--

دستخط - کرنل - آر - چارلس میکواٹ

آئی - ایم - ایس - انسپکٹر جنرل

سول ہسپتالہائے پنجاب

صیغہ صنعت وحرفت پنجاب

(عمارات) ٹیکنیکل تعلیم

اشتہار

مورخہ ۱۶ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۲- چونکہ گورنمنٹ پنجاب کو معلوم ہؤا -کہ سرکار کو ایک سرکاری مطلب یعنی ٹیکنیکل ومکینیکل سکول مغلپورہ کے لئے زمین درکار ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا اعلان کیا جاتا ہے-کہ زمین مصرحہ ذیل مطلب مذکور کے لئے مطلوب ہے ؛

یہ اشتہار ایکٹ نمبر ا ۱۸۹۴ء کی دفعہ ۶ کے احکام کے بموجب دیا گیا ہے- اور ایکٹ مذکور کی دفعہ ۷ کی رو سے صاحب کلکٹر لاہور کو بذریعہ اشتہار ہذا ہدایت کی جاتی ہے -کہ زمین مذکورہ بالا کے لینے کے لئے حکم حاصل کریں ؛

زمین کا پتہ

ضلع	تحصیل	موضع	رقبہ بحساب ایکڑ	حدود	وہ جگہیں جہاں نقشہ ملاحظہ ہو سکتا ہے
لاہور	لاہور	بیگم پورہ	۲۹ء۵	شمال - اراضی ملکیتی ڈاکٹر اللہ جوایا اور خانقاہ حضرت النبیاںؒ جنوب - اراضی ملکیتی امام دین مشرق - اراضی ملکیتی ڈاکٹر اللہ جوایا مغرب - اراضی گورنمنٹ جو حال ہی میں مجوزہ ٹیکنیکل سکول کیلئے لی گئی	دفاتر ڈپٹی کمشنر لاہور واگزیکٹو انجنیر دوم لاہور پراونشل ڈویژن ؛
		اچنت گڑھ	۳ء۰	شمال - اراضی ملکیتی ڈاکٹر اللہ جوایا جنوب - جرنیلی سڑک میل نمبر ۳۰۸ مشرق اراضی ملکیتی امام دین و ڈاکٹر اللہ جوایا مغرب اراضی گورنمنٹ جو حال ہی میں مجوزہ ٹیکنیکل ومکینیکل سکول کیلئے لی گئی ؛	

کیفیت جو مسودہ اشتہار کے ساتھ شامل ہوگی

تصدیق کیا جاتا ہے۔کہ اراضی مذکور کا خرچ اس تخمینہ میں ڈالا جائیگا جو اس زمین کے حصول کے متعلق ہے۔جو مجوزہ ٹیکنیکل و مکینیکل سکول واقع مغلپورہ لاہور کیلئے درکار ہے اور کہ غیر سرکاری خط وکتابت کے ذریعہ زمین کے حاصل کرنے کیلئے کوشش ناکامیاب ہوئی رہی ہے۔

دستخط۔ای۔اے۔سکاٹ
ڈائرکٹر صنعت وحرفت پنجاب

محکمہ صحت عامہ

اشتہارات

مورخہ ۱۶ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۱۹۷۔ پلیگ۔مندرجہ ذیل نقشہ وار دات ہائے طاعون واموات پنجاب جن کی رپورٹ ہفتہ مختتمہ ۱۱ مارچ ۱۹۲۲ء میں ہوئی۔بغرض اطلاع عام مشتہر کیا جاتا ہے۔

اضلاع	وقوعہ جات	اموات
جالندھر	۲۱	۱۱
جالندھر شہر	۴	۱
سیالکوٹ	نقشہ موصول نہیں ہوا	
گوجرانوالہ	۲۸	۲۱
شیخوپورہ	۲۰	۱۵
گجرات	۲۶	۱۹
شاہ پور	۶۷	۳۹
جہلم	۵۲	۳۶
راولپنڈی	۵۵	۳۷
میزان	۲۷۳	۱۷۹
میزان صوبہ	۲۷۳	۱۷۹

۲۰ - مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۷۵۴۴ - پی - مندرجہ ذیل تبدیلی عمل میں لائی گئی :-

نام	رتبہ	عہدہ جس کا اہتمام ترک کیا اور ترک کرنے کی تاریخ	عہدہ جس کا اہتمام لیا اور اہتمام لینے کی تاریخ	کیفیت
چودھری گیان سنگھ ایم - بی ڈبی - ایس	عارضی اسسٹنٹ سرجن	کام طاعون لاہور ۸ - مارچ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	کام طاعون سرگودھا ۱۳ - مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	

دستخط - لفٹنٹ کرنل - ڈبلیو - ایچ سی فارسٹر

ڈی - پی - ایچ و آئی - ایم - ایس

ڈائرکٹر صحت عامہ

پنجاب

کاشی رام پریس لاہور

عدالتی اشتہار

از عدالت جناب ٹھاکر پیبر پرم کشن سنگھ
صاحب آنریری سول جج صاحب درجہ دوئم مقام
کشن کوٹ تحصیل بٹالہ ضلع گورداسپور -

اشتہار

لالہ ہر بھگوانداس ولد لالہ گورداس مل منگل مل
ولد لالہ دیوانچند - سندر داس ولد لالہ گوکلچند
رلارام ولد رادھا رام - گنپت رائے ولد لالہ
نہال چند اقوام کھتری سکنہ سری گوبند پور تحصیل
بٹالہ ٹرسٹیاں جائیداد ٹھاکر داس ستونی ٹرسٹ
فند دھرم ارتھ بذریعہ دھنی رام مختار خاص

مدعیان

بنام

پرمیشر یداس ولد داس مل قوم کھتری سکنہ
سارنگ دیو ملٹروال تحصیل اجنالہ - ضلع
امرتسر - بیبر بل سکنہ نہیش دوگر مدعا علیہم

دعوے دلا پانے مبلغ
۱۹۰ روپے بروے تمسک

مقدمہ مندرجہ بالا عنوان میں پرمیشر یداس
مدعا علیہ مذکور سمن امور تنقیح طلب کی اطلاعیابی کرنے
سے گریز کر کے روپوش رہتا ہے - اس لئے
زیر آرڈر ۵ قاعدہ ۲۰ ضابطہ دیوانی اس کے نام اشتہار
شائع کیا جاتا ہے - کہ تبقرر ۲۰ - اپریل ۱۹۲۲ء
کو حاضر عدالت ہذا ہو کر جواب دہی مقدمہ کرے
ورنہ اس کے خلاف کارروائی یکطرفہ ہوگی*

تحریر مورخہ ۲۰ مارچ ۱۹۲۲ء

دستخط انگریزی

اشتہار زیر آرڈر نمبر ۵ قاعدہ ۲۰
ضابطہ دیوانی

باجلاس شیخ عبدالقادر صاحب منصف درجہ
اول گجرات

محمد اسلم خاں و محمد سرتاج خاں نابالغان پسران
راجہ عمر حیات خاں وغیرہ قوم راجپوت سکنہ
پنڈ دادنخاں -

بنام

رام لعل(۱) کندن(۲) لعل(۳) کرشن لعل(۴) ہر بھگوان(۵) نابالغان
پسران دیو بدیال بولائت منجانب مسمات بھاگ بھری
والدہ خود کھتری سکنہ دیوبدیا اس پورہ داخلی ٹمیلہ و
گینشداس ولد میاداس قوم کھتری سکنہ ملکوال
تحصیل پھالیہ مدعا علیہ نمبر ۱ تا ۵ تحصیل بھلوال
ضلع شاہ پور مدعا علیہم و مسمات خورشید بیگم بیوہ
راجہ عمر حیات خان سکنہ حال چک نمبر ۱۰۲ مرتہ انوالہ
گوگیرہ برانچ تحصیل جڑانوالہ ضلع لائل پور

دعوئی دخل اراضی

مقدمہ بالا میں مدعا علیہم تعمیل سمن سے عمداً گریز کرتے
ہیں لہذا مدعا علیہم کے نام اشتہار زیر آرڈر نمبر ۵
قاعدہ ۲۰ ضابطہ دیوانی اخبار میں شائع کیا جاتا ہے
کہ اگر مدعا علیہم ۱۲/۴/۲۲ کو واسطے جوابدہی مقدمہ کے
حاضر عدالت نہ ہونگے تو ان کے برخلاف کارروائی
یکطرفہ عمل میں آویگی*

تحریر ۲۴/۳/۲۲

دستخط - انگریزی

(مہر عدالت)

بعدالت صاحب ڈسٹرکٹ جج بہادر حصار

اشتہار

منگل چند ولد رگناتھ رائے قوم مہاجن ساکن قصبہ سرسہ مدعی اپیلانٹ حال آباد منڈی دیوالی تحصیل سرسہ

بنام

رام نرائن پسر رام ناتھ متبنے اینجراج و جے نرائن ولد رام ناتھ مہاجن سکنہ قصبہ سرسہ دو رسپانڈنٹان

اپیل بنارامنی ڈگری دیوان سیتارام صاحب جونیر سب جج بہادر حصار

مورخہ $\frac{6}{21}$، جس کی رو سے دعویٰ مدعی نسبت انفکاک نصف حصہ دوکان واقعہ سرسہ خارج ہوا

بنام

رام نرائن پسر رام ناتھ متبنے اینجراج و جے نرائن ولد رام ناتھ مہاجنان سکنائے سرسہ ضلع حصار ہرگاہ رسپانڈنٹان مذکورہ بالا یعنی رام نرائن و جے نرائن تعمیل اطلاعنامہ اپیل سے گریز کرتے ہیں اور ان پر تعمیل اطلاعنامہ اپیل معمولی طریق سے نہیں ہو سکتی ہے۔ پس بذریعہ اشتہار ہذا ہر دو رسپانڈنٹان مذکورہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اپیل مندرجہ صدر بتاریخ ۱۰ $\frac{6}{22}$ بمقام حصار سماعت ہوگا۔ اگر ہر دو رسپانڈنٹان مذکورہ اصالتاً یا وکالتاً پیروی اپیل مندرجہ صدر نہ کرینگے۔ تو اپیل بالا یکطرفہ سماعت ہو کر فیصلہ کیا جاویگا۔

آج بتاریخ ۲۴ ماہ مارچ ۱۹۲۲ء کو ہمارے دستخط اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

دستخط انگریزی

(مہر عدالت)

رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۶۴

پنجاب گورنمنٹ گزٹ

گورنمنٹ کے حکم سے جاری ہُوا

نمبر ۱۳] لاہور - ۳۱ مارچ (مجریہ ۷ - اپریل) ۱۹۲۲ء یوم جمعہ [جلد ۵۰

تیسرا حصّہ

اشتہارات ہائیکورٹ وصاحبان فنانشل کمشنر بہادر وغیرہ

عدالت عالیہ ہائیکورٹ آف جوڈیکیچر واقع لاہور

اشتہارات

۲۲ - مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۸۶ - جی - لالہ بیج ناتھ منصف پنڈ دادنخاں ضلع جہلم نے نصف تنخواہ پر ½ ۲ ماہ

کی رعایتی رخصت ۶ تاریخ ۱۹۲۲ء قبل دوپہر سے حاصل کی ✦

نمبر ۸۷- جی - لالہ جگن ناتھ جو ہائی کورٹ کے رجسٹر "الف" کے منظور شدہ اُمیدوار ہیں - بذریعہ اشتہار ہذا لالہ زیج ناتھ منصف کی جگہ جو رخصت پر روانہ ہوئے یا تا احکام ثانی بطور قائم مقام منصف مقرر ہوئے - اور پنڈ دادنخاں ضلع دیوانی جہلم میں تعینات کئے گئے - جہاں اُنھوں نے ۶ مارچ ۱۹۲۲ء کو قبل دوپہر اپنے کام کا اہتمام لیا ✦

نمبر ۸۸- لالہ جگن ناتھ قائم مقام منصف ان اختیارات کی رو سے جو ایکٹ عدالت ہائے پنجاب مصدرہ ۱۹۱۸ء کی دفعہ ۲۶ میں تفویض ہوئے ہیں - اختیار سماعت (مطابق اشتہار نمبری ۱۱۸- جی مورخہ ۲۲- مارچ ۱۹۲۱ء) استعمال کرنے کی غرض سے ۶ مارچ ۱۹۲۲ء سے اس وقت تک منصف درجہ اوّل مقرر کئے گئے - جب تک کہ وہ منصف رہیں ✦

نمبر ۸۹- جی - اشتہار ہذا کے ذریعہ سے مشتہر کیا جاتا ہے - کہ عدالت عالیہ ہائی کورٹ آف جوڈیکیچر واقع لاہور نے لالہ چمن لال سیندھی ولد لالہ گوروداس مل کو زمرہ وکلاء میں حسب ضابطہ داخل اور بھرتی فرمایا - اور ان کا نام عدالت ہذا کے رجسٹر وکلاء میں باضابطہ درج کیا گیا ✦

---

۲۷ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۹۰- جی ایم - عبدالحسن خاں منصف جگراؤں ضلع لدھیانہ نے اوسط تنخواہ پر ۳۰ یوم کی رخصت ۱۷ مارچ ۱۹۲۲ء بعد دوپہر سے حاصل کی ✦

نمبر ۹۱- جی - شیخ عبدالعلی جو ہائی کورٹ کے رجسٹر "الف" کے منظور شدہ اُمیدوار ہیں - بذریعہ اشتہار ہذا ایم - عبدالحسن خاں کی جگہ جو رخصت پر روانہ ہوئے - یا تا احکام ثانی بطور قائم مقام منصف مقرر ہوئے - اور جگراؤں ضلع دیوانی لدھیانہ میں تعینات کئے گئے - جہاں اُنھوں نے ۱۷ مارچ ۱۹۲۲ء کو بعد دوپہر اپنے کام کا اہتمام لیا ✦

نمبر ۹۲ - شیخ عبدالعلی قائم مقام منصف ان اختیارات کی رو سے جو ایکٹ عدالت ہائے پنجاب مصدرہ ۱۹۱۸ء کی دفعہ ۲۶ میں تفویض ہوئے ہیں - اختیار سماعت (مطابق اشتہار نمبری ۱۱۸ - جی مورخہ ۲۲ مارچ ۱۹۲۲ء) استعمال کرنے کی غرض سے ۱۷- مارچ ۱۹۲۲ء سے اس وقت تک منصف درجہ اوّل مقرر کئے گئے - جب تک کہ وہ قائم مقام منصف رہیں ✦

نمبر ۹۳- جی - جج صاحبان ہائی کورٹ منصف کی مندرجہ ذیل تبدیلی بضرورت کار سرکار فرماتے ہیں :-

بخشی شیر سنگھ ڈنگا ضلع دیوانی گجرات سے موگا ضلع دیوانی فیروزپور کو جہاں اُنھوں نے ۲۷ فروری ۱۹۲۲ء کو بعد دوپہر اپنے فرائض کا اہتمام لیا ✦

حسب الحکم وغیرہ

دستخط - اے - گورڈن واکر - رجسٹرار

دفتر صاحبان فنانشل کمشنر بہادر

اشتہارات

۲۲- مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۲-۹۸۸-۲- خانصاحب شیخ فضل محمد تحصیلدار دہلی کو یکم مارچ ۱۹۲۲ء قبل دوپہر سے ایک ماہ کی رعایتی رخصت عطا ہوئی *

نمبر ۲-۹۸۸-۳- ایم - محمد حسین ہیڈ ورنیکلر کلرک دفتر ضلع دہلی - خانصاحب شیخ فضل محمد کی جگہ جن کو رعایتی رخصت عطا ہوئی - بطور قائم مقام تحصیلدار مقرر ہوئے *

۲۷- مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۲-۲۸-۱- د-۸- سید لطف علی شاہ نائب تحصیلدار تحتی تحصیل شاہ جیوانا ضلع جھنگ - پیر حیدر شاہ تحصیلدار کی جگہ جو عارضی اڈیشنل اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر مقرر ہوئے - بندوبست مظفر گڑھ کے قائم مقام تحصیلدار مقرر کئے گئے *

حسب الحکم وغیرہ
دستخط - ایم - ایس - لی
سینیر سکرٹری صاحبان فنانشل کمشنر بہادر پنجاب

۲۴ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۵۶۱-۵۵۴- د- چودھری مشتاق احمد انسپکٹر آبکاری درجہ خاص لورلو کی ۱۹ مارچ ۱۹۲۲ء سے ایک سال کی مجتمع رخصت (یعنی ایک ماہ اور ۱۷ یوم کی رعایتی رخصت اور اس کی ذیل میں اوسط تنخواہ پر ۴ ماہ کی فرلو اور اس کی ذیل میں ۶ ماہ اور ۱۳ یوم کی معمولی فرلو) عطا ہوئی - موجودہ کارروائی جیسا کہ اشتہار نمبری ۵۶۱-۵۵۴-د-۹- مورخہ ۱۱- جنوری ۱۹۲۲ء میں مشتہر کی گئی - ۳۱ مارچ ۱۹۲۲ء تک یعنی اس وقت تک جاری رہیگی جبکہ لالہ کنول نین کا خاص کام پر عرصہ ڈیپوٹیشن ختم ہو جائیگا - اور وہ چودھری مشتاق احمد کی جگہ قائم مقام کام کرینگے *

۲۷ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۵۶۲-۷۵- ح-۱- امتحانی سب انسپکٹران آبکاری کا اگلا ششماہی امتحان

قانون بمقام لاہور - ۱۸ - اپریل ۱۹۲۲ء کو معرحہ ذیل اوقات پر منعقد ہوگا *

۱۰ بجے صبح سے ۱ بجے بعد دوپہر تک حسابات آبکاری اور افیون

۲½ بجے بعد دوپہر سے ۵½ بجے بعد دوپہر تک قانون فوجداری

حسب الحکم وغیرہ

دستخط - اے - اے - ایل - رابرٹس

جونیر سکرٹری صاحبان فنانشل کمشنر بہادر

پنجاب

صیغہ تعمیرات سرکاری

شعبہ عمارات و سڑک ہاے

اشتہارات

مورخہ ۲۸ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۵۴۷ - ای - لالہ رام چرن صاحب اپر سب آرڈینیٹ پراونشل ڈویژن کانگڑہ کی سب ڈویژن بنڈی سے شملہ پراونشل ڈویژن کی سب ڈویژن شملہ نمبر ۳ کو تبدیلی ہوئی - وہ اول الذکر ڈویژن سے ۲۲ دسمبر ۱۹۲۱ء کو بعد دوپہر علحدہ ہوکر آخر الذکر ڈویژن میں ۱۱ - جنوری ۱۹۲۲ء کو بعد دوپہر حاضر ہوئے *

نمبر ۵۴۹ - ای بھائی ارجن سنگھ صاحب اپر سب آرڈینیٹ پراونشل ڈویژن شملہ کی سب ڈویژن شملہ نمبر ۳ سے کانگڑہ پراونشل ڈویژن کی سب ڈویژن منڈی کو تبدیلی ہوئی - وہ اول الذکر ڈویژن سے ۳ دسمبر ۱۹۲۱ء کو بعد دوپہر علحدہ ہوکر آخر الذکر ڈویژن میں ۱۴ دسمبر ۱۹۲۱ء کو قبل دوپہر حاضر ہوئے *

دستخط - اے - ایس - منٹگمری

چیف انجنیر صیغہ تعمیرات سرکاری

پنجاب

صیغہ آبپاشی پنجاب

اشتہار

مورخہ ۲۵ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۲۷۹۳ - جی آئی - مندرجہ ذیل تبدیلیاں مشتہر کی جاتی ہیں :-

نام	رتبہ	کس ڈویژن سے	تاریخ روانگی	کس ڈویژن میں	تاریخ حاضری	کیفیت
لالہ بلونت رائے	اپر سب آرڈینیٹ	ڈویژن لوئر گوگیرہ لوئر چناب حلقہ مشرقی	۲ مارچ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	ڈویژن اکاڑہ نہر لوئر باری دواب	۷ مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	
بھائی کیسر سنگھ کلسی	ایضاً	ڈویژن حافظ آباد لوئر چناب حلقہ مغربی	..	ڈویژن شیخوپورہ نہر اپر چناب	۸ جنوری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر) رخصت سے واپس آکر	
مولوی نہال احمد	ایضاً	ڈویژن خانکی لوئر چناب حلقہ مغربی	۱۸ فروری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	ڈویژن بہاولپور بہاولپور سرکل نمبر ۱ ستلج ویلی پروجیکٹ	۲۶ فروری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	

دستخط - ڈبلیو - بی - سنکیسٹر

چیف انجنیر تعمیرات آبپاشی

پنجاب

صیغہ تعلیم

اشتہارات

مورخہ ۲۲ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۵۴۲۳-ای-مندرجہ ذیل ترقیات و تقررات مشتہر کیے جاتے ہیں۔

نام	رتبہ	ترقی دی گئی		کس عہدہ پر مقرر ہوا	کس تاریخ سے	کیفیت
		کس درجہ سے	کس درجہ میں			
ایم۔غضنفر علی	جونیئر انگریزی ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول ملتان (زیر ٹریننگ)	جماعت پنجم (۵۵-۳-۷۰ روپے) ماتحت ملازمت تعلیم اینگلو ورنیکلر سیکشن	جماعت چہارم (۸۰-۴-۱۰۰ روپے) ماتحت ملازمت تعلیم اینگلو ورنیکلر سیکشن عارضی بالاستقلال	سکول مذکور کے قائم مقام ہیڈ ماسٹر	یکم اپریل ۱۹۲۲ء	سید دلدار علی شاہ کی جگہ جو جزائر فجی میں ڈیپوٹیشن پر ہے۔
لالہ گوری شنکر	...	...	...	قائم مقام جونیئر انگریزی ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول ملتان (۵۵-۳-۷۰ روپے) عارضی بالاستقلال	؍؍	ایم۔غضنفر علی کی جگہ جن کو ترقی دی گئی۔

مورخہ ۲۸- مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۵۶۲۸- ای- مندرجہ ذیل ترقیاں وتقررات مشتہر کئے جاتے ہیں۔

نام	رتبہ	ترقی دی گئی		کس عہدہ پر مقرر ہوا	کس تاریخ سے	کیفیت
		کس درجہ سے	کس درجہ میں			
پنڈت جستھانند	مدرس سنسکرت گورنمنٹ ہائی سکول جہلم	...	...	گورنمنٹ ہائی سکول ملتان اُسی حیثیت سے	تاریخ حاضری سے	پنڈت گوبندرام پنشن یافتہ کی جگہ۔
پنڈت گردھروت	مدرس ہندی گورنمنٹ ہائی سکول سیالکوٹ	جماعت پنجم (۳۵- ۳- ۵۰ روپے) ماتحت ملازمت تعلیم کلاسیکل وورنیکلر سیکشن	جماعت چہارم (۵۵- ۳- ۷۰ روپے) ماتحت ملازمت تعلیم کلاسیکل وورنیکلر سیکشن	گورنمنٹ ہائی سکول جہلم بطور مدرس سنسکرت	ایضاً	پنڈت جستھانند کی جگہ

پنڈت گوبندرام مدرس سنسکرت گورنمنٹ ہائی سکول ملتان کے پنشن پا جانے کے باعث

دستخط- جی- اینڈرسن
ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم پنجاب

صیغہ سول وٹیرنیری پنجاب

اشتہارات

۲۴- مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۶۶- محمد عبداللہ سوم ویٹرنیری اسسٹنٹ درجہ سوم متعینہ دفتر چیف

شاہ کوٹ ضلع شیخوپورہ میں بطور سپرنٹنڈنٹ صیغہ سول ویٹرنیری پنجاب - لاہور - انچارج ہسپتال تعینات کئے گئے*

نمبر ۶۷ - مندرجہ ذیل ویٹرنیری اسسٹنٹان درجہ سوم یکم مارچ ۱۹۲۲ء سے اپنے عہدوں پر مستقل کئے گئے*

(۱) - ایم - شہاب الدین دوم متعینہ شیخوپورہ -

(۲) - ایم - عبد العزیز خاں متعینہ پسرو ضلع سیالکوٹ

(۳) - ایم محمد عبد اللہ سوم متعینہ شاہ کوٹ ضلع شیخوپورہ -

(۴) - ایم - بھان سنگھ متعینہ ہمیر پور ضلع کانگڑہ -

(۵) - بھائی کیسر سنگھ متعینہ لوح ضلع گورداسپور -

(۶) - ایم - دیس راج -

(۷) - ایم - عبد القادر

دستخط - ٹی - ایف - کورک
چیف سپرنٹنڈنٹ صیغہ سول ویٹرنیری
پنجاب

صیغہ ڈاکٹری

اشتہارات

۲۰ - ۲۸ - مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۲۲۶۷ - ای - مندرجہ ذیل تقررات تعیناتیاں و تبدیلیاں عمل میں لائی گئیں*

نام	رتبہ اور صیغہ کا نمبر	عہدہ جسکا اہتمام ترک کیا اور ترک کرنیکی تاریخ	عہدہ جسکا اہتمام لیا اور اہتمام لینے کی تاریخ	کیفیت
سردار نرندر سنگھ ایل - ایم - ایس	عارضی اسسٹنٹ سرجن	سپرنٹنڈنٹ شفاخانہ میو ہسپتال لاہور ۳۰ - نومبر ۱۹۲۱ء (بعد دوپہر)	عام کام شفاخانہ سول دسوہہ ضلع ہوشیارپور ۸ دسمبر ۱۹۲۱ء (قبل دوپہر)	

نام	رتبہ - اور صیغہ کا نمبر	عہدہ جسکا اہتمام ترک کیا اور ترک کرنیکی تاریخ	عہدہ جسکا اہتمام لیا اور اہتمام لینے کی تاریخ	کیفیت
سردار نرندر سنگھ ایل - ایم - ایس	عارضی اسسٹنٹ سرجن	عام کام شفاخانہ سول - دسوہہ ضلع ہوشیارپور ۱۰ - دسمبر ۱۹۲۱ء (بعد دوپہر)	شفاخانہ سول دسوہہ ضلع ہوشیارپور ۱۰ دسمبر ۱۹۲۱ء (بعد دوپہر)	عارضی اسسٹنٹ سرجن ہنس راج اگروال تبدیل شدہ کو سبکدوش کر کے - اشتہار ہذا محکمانہ اشتہار نمبری ۱۴۸۸ - ای - مورخہ ۲۳ دسمبر ۱۹۲۱ء کا اس قدر حصہ منسوخ کرتا ہے - جتنا کہ وہ عارضی اسسٹنٹ سرجن سردار نرندر سنگھ سے متعلق ہے ؞

۲۰ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۲۵۶۵ - ای - مندرجہ ذیل تقررات - تعیناتیاں و تبدیلیاں عمل میں لائی گئیں ؞

نام	رتبہ - اور صیغہ کا نمبر	عہدہ جسکا اہتمام ترک کیا اور ترک کرنیکی تاریخ	عہدہ جسکا اہتمام لیا اور اہتمام لینے کی تاریخ	کیفیت
لالہ ہر جس رام	سب اسسٹنٹ نمبر ۹۶۰	عام کام سول ہسپتال امرتسر یکم مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	شفاخانہ نارتھ ویسٹرن ریلوے امرتسر - یکم مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	امیر الدین سینیر سب اسسٹنٹ سرجن جماعت اول نمبر ۳۸۴ کو جسے رخصت عطا ہوئی ۔ سبکدوش کر کے ؞

نام	رتبہ - اور صیغہ کا نمبر	عہدہ جسکا اہتمام ترک کیا اور ترک کرنیکی تاریخ	عہدہ جسکا اہتمام لیا اور اہتمام لینے کی تاریخ	کیفیت
لالہ متھرا داس	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۱۷۸	...	عام کام سول ہسپتال جالندھر - ۸ - مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	فوجی کام سے واپس آنے پر۔
لالہ رامداس دوا	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۸۳۳	...	عام کام سول ہسپتال سرگودھا - ضلع شاہ پور - ۱۵ مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	ایضاً
لالہ ہیرا نند	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۸۴۵	...	عام کام میو ہسپتال لاہور - ۶ - مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	ایضاً
لالہ گنڈا رام	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۶۷۶	...	عام کام سول ہسپتال جالندھر ۱۷ - مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	اس رخصت سے واپس آنے پر جو اس کو محکمانہ اشتہار نمبری ۱۸/۱۱۷ - ای - مورخہ ۲۲ ستمبر ۱۹۲۱ء میں عطا ہوئی۔
لالہ راجا رام	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۹۸۲	شفاخانہ ایچیسن چیفس کالج لاہور یکم مارچ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	عام کام شفاخانہ سول لاہور - ۲ - مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	
لالہ نانک چند لکھنپال	عارضی سب اسسٹنٹ سرجن	عام کام سول ہسپتال گوجرانوالہ - ۱۱ - مارچ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	شفاخانہ واربرٹن ضلع شیخوپورہ ۱۴ مارچ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	اودھو رام سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۸۸۸ کو جسے رخصت ہوئی سبکدوش کرکے۔

نام	رتبہ - اور صیغہ کا نمبر	عہدہ جسکا اہتمام ترک کیا اور ترک کرنیکی تاریخ	عہدہ جسکا اہتمام لیا اور اہتمام لینے کی تاریخ	کیفیت
منشی عبدالرحیم	عارضی سب اسسٹنٹ سرجن	..	سفری شفاخانہ حصار یکم - مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	اس رخصت سے واپس آنے پر جو اس کو محکمانہ اشتہار نمبری ۱۳۵۷ ای مورخہ ۱۶ فروری ۱۹۲۲ء میں عطا ہوئی - اور عارضی سب اسسٹنٹ سرجن لال دین تبدیل شدہ کو سبکدوش کرکے - اس کی رخصت کا غیر منقضی حصہ منسوخ کیا جاتا ہے۔
منشی لال دین	" " "	سفری شفاخانہ حصار یکم مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	عام کام سول ہسپتال حصار یکم مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	
لالہ تلسی رام	" " "	عام کام سول ہسپتال رہتک ۶ فروری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	سفری شفاخانہ گوڑگاؤں ۱۳ - فروری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	
بھائی ایشر سنگھ	ایضاً	عام کام سول ہسپتال لدھیانہ ۲ مارچ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	ہسپتال نارتھ ویسٹرن ریلوے بٹھنڈا - ۴ مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	
..	..	..	..	..

نام	رتبہ - اور صیغہ کا نمبر	عہدہ جسکا اہتمام ترک کیا اور ترک کرنیکی تاریخ	عہدہ جسکا اہتمام لیا اور اہتمام لینے کی تاریخ	کیفیت
منشی محمد افضل	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۷۴۴	--	عام کام سول ہسپتال ۲۵ فروری سنہ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	اس رخصت سے واپس آنے پر جو اس کو محکمانہ اشتہار نمبری ۱۳۳۲۳ ای - مورخہ ۲۴ - اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء میں عطا ہوئی - جس کا غیر منقضی منسوخ کیا جاتا ہے -
لالہ امرداس کوہلی	عارضی سب اسسٹنٹ سرجن	شفاخانہ کٹھالا ضلع گجرات ۱۵ فروری سنہ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	عام کام سول ہسپتال گجرات - ۱۸ فروری سنہ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	شفاخانہ کٹھالا کے بند ہونے پر۔
بھائی جودھ سنگھ	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۶۷۱	عام کام سول ہسپتال کیمبل پور ضلع اٹک ۱۶ فروری سنہ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	شفاخانہ ادھوال ضلع اٹک ۲۲ فروری سنہ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	عارضی سب اسسٹنٹ سرجن ہر بھگوان لگ تبدیل شدہ کو سبکدوش کرکے۔
لالہ ہر بھگوان لگ	عارضی سب اسسٹنٹ سرجن	شفاخانہ ادھوال ضلع اٹک ۲۲ فروری سنہ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	عام کام سول ہسپتال کیمبل پور ضلع اٹک ۴ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	
لالہ جسونت داس	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۸۰۵	شفاخانہ سمندری ضلع لائل پور ۱۷ فروری سنہ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	شفاخانہ نہر - لوچیانہ ضلع لائل پور - ۲۵ فروری - سنہ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	دیوان چند سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۷۰۹ تبدیل شدہ کو سبکدوش کرکے۔
لالہ دیوان چند	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۷۰۹	شفاخانہ نہر لوچیانہ ضلع لائل پور - ۲۵ فروری سنہ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	شفاخانہ نہر سرانوالی ضلع سیالکوٹ - ۳ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	عارضی سب اسسٹنٹ سرجن گوربچن سنگھ تبدیل شدہ کو سبکدوش کرکے۔
بھائی گوربچن سنگھ	عارضی سب اسسٹنٹ سرجن	شفاخانہ نہر سرانوالی ضلع سیالکوٹ ۳ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	عام کام سول ہسپتال سیالکوٹ ۱۳ - مارچ - سنہ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	

نام	رتبہ ۔ اور صیغہ کا نمبر	عہدہ جسکا اہتمام ترک کیا اور ترک کرنیکی تاریخ	عہدہ جسکا اہتمام لیا اور اہتمام لینے کی تاریخ	کیفیت
لالہ پرمانند	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۹۹۲	...	عام کام سول ہسپتال میانوالی ۲۱ جون ۔ ۱۹۲۱ء (قبل دوپہر)	فوجی کام سے واپس آنے پر اشتہار ہذا محکمانہ اشتہار نمبری ۹۲۶۷ ۔ ای ۔ مورخہ ۱۵ جولائی ۱۹۲۱ء کا اس قدر حصہ منسوخ کرتا ہے جتنا کہ وہ پرمانند سب اسسٹنٹ سرجن سے متعلق ہے ۔

نمبر ۲۵۶۶ ۔ ای ۔ مندرجہ ذیل سب اسسٹنٹ سرجنان کو رخصت عطا ہوئی :۔

نام	رتبہ	میعاد رخصت	قسم رخصت اور قواعد جنکی رو سے رخصت عطا ہوئی	کس تاریخ سے	کیفیت
منشی امیر الدین شفاخانہ نارتھ ویسٹرن ریلوے امرتسر	سینیر سب اسسٹنٹ سرجن جماعت اوّل ۔ نمبر ۳۸۴	۳ ماہ	رعایتی زیر قاعدہ ۸۰ منجملہ قواعد بنیادی	یکم مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	وہ رعایتی رخصت کے دوران میں اپنے عہدہ کا استحقاق رکھیگا ۔
منشی خادم حسین ہٹ سغری شفاخانہ ڈیرہ غازیخان	عارضی سب اسسٹنٹ سرجن	ا ماہ	ایضاً	۸ ۔ مارچ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	
پنڈت اودھورام شفاخانہ واربرٹن ضلع شیخوپورہ	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۸۸۸	ا ماہ	ایضاً	۱۴ ۔ مارچ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	وہ رعایتی رخصت کے دوران میں اپنے عہدہ کا استحقاق رکھینگے ۔
بھائی ہری سنگھ	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۵۱۹	۳ ماہ	ایضاً	۲۳ جنوری ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	

نام	رتبہ	میعاد رخصت	قسم رخصت اور قواعد جنکی رو سے رخصت عطا ہوئی	کس تاریخ سے	کیفیت
لالہ کدار ناتھ ہسپتال نارتھ ویسٹرن ریلوے بٹھنڈا	عارضی سب اسسٹنٹ سرجن	۱ ماہ اور ۱۰ یوم	رعایتی زیر قاعدہ ۸۱ منجملہ قواعد بنیادی	۹- فروری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	وہ رعایتی رخصت کے دوران میں اپنے عہدہ کا استحقاق رکھیگا۔
منشی حسن علی شفاخانہ جانوالا ضلع لائل پور	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۷۹۹	۶ ماہ	رعایتی زیر قاعدہ ۸۱ منجملہ قواعد بنیادی چٹھی گورنمنٹ ہند صیغہ خزانہ نمبری ۱۶۸- سی- ایس- آر مورخہ ۲۴ فروری ۱۹۱۹ء۔	۱۴ فروری ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	وہ رعایتی رخصت کے دوران میں اپنے عہدہ کا استحقاق رکھیگا اشتہار ہذا محکمانہ اشتہار نمبری ۱۷۵-ای مورخہ ۲۰ فروری ۱۹۲۲ء کا اس قدر حصہ منسوخ کرتا ہے۔ جتنا کہ وہ حسن علی سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۷۹۹ سے متعلق ہے۔

نمبر ۲۵۶۷-ای- مندرجہ ذیل تقررات تعیناتیاں و تبدیلیاں عمل میں لائی گئیں:-

نام	رتبہ	عہدہ جسکا اہتمام ترک کیا اور ترک کرنیکی تاریخ	عہدہ جسکا اہتمام لیا اور اہتمام لینے کی تاریخ	کیفیت
لفٹننٹ اے- ڈبلیو ڈائر- آئی- ایم- ڈی	فوجی اسسٹنٹ سرجن	...	ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ رپن ہسپتال شملہ - ۲۸ فروری ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	پنجاب کو تبدیل ہونے پر اور لفٹننٹ ای- او جوہنسن آئی- ایم- ڈی- تبدیل شدہ کو سبکدوش کر کے۔

نام	رتبہ	عہدہ جسکا اہتمام ترک کیا اور ترک کرنیکی تاریخ	عہدہ جسکا اہتمام لیا اور اہتمام لینے کی تاریخ	کیفیت
سردار نرنجن سنگھ سیٹھی ایم۔بی۔ وبی۔ایس	عارضی سب اسسٹنٹ سرجن	...	عام کام سول ہسپتال انبالہ ۱۰ - مارچ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	اس رخصت سے واپس آنے پر جواں کو محکمانہ اشتہار نمبری ۲۵۶۸ - ای - مورخہ ۲۰ مارچ ۱۹۲۲ء میں عطا ہوئی۔
لالہ مہاراج داس ایل۔ایم۔ایس	اسسٹنٹ سرجن	...	عام کام سول ہسپتال جالندھر - ۹ مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	فوجی کام سے واپس آنے پر۔
لالہ ہریرام ایم بی وبی۔ایس	عارضی اسسٹنٹ سرجن	...	عام کام سول ہسپتال جالندھر - ۶ مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	ایضاً
چودھری پریم ناتھ ڈوگرا۔ایم۔بی و بی۔ایس	ایضاً	...	عام کام سول ہسپتال لدھیانہ - ۵ - مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	ایضاً
سردار نرندر سنگھ ایل۔ایم۔ایس	ایضاً	سپرنٹنڈنٹ شفاخانہ میو ہسپتال لاہور ۳۰ - نومبر ۱۹۲۱ء (بعد دوپہر)	عام کام شفاخانہ سول دسوہہ ضلع ہوشیارپور ۸ دسمبر ۱۹۲۱ء (قبل دوپہر)	
ایضاً	ایضاً	عام کام سول ہسپتال دسوہہ ضلع ہوشیارپور ۱۰ دسمبر ۱۹۲۱ء بعد دوپہر)	شفاخانہ سول دسوہہ ضلع ہوشیارپور ۱۰ - دسمبر ۱۹۲۱ء (بعد دوپہر)	ہنس راج اگروال عارضی اسسٹنٹ سرجن تبدیل شدہ کو سبکدوش کرکے اشتہار ہذا محکمانہ اشتہار نمبری ۱۶۴۸۸ - ۲۱ - مورخہ ۲۳ دسمبر ۱۹۲۱ء کا اس قدر

نام	رتبہ	عہدہ جسکا اہتمام ترک کیا اور ترک کرنیکی تاریخ	عہدہ جسکا اہتمام لیا اور اہتمام لینے کی تاریخ	کیفیت
میجر سی - ڈبلیو - ای کر - ایم - بی - ای وائی - ایم - ڈی	فوجی اسسٹنٹ سرجن	...	شفاخانہ نارتھ ویسٹرن ریلوے - نولکھا - لاہور - ۴ - مارچ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	حصہ منسوخ کرتا ہے جتنا کہ وہ عارضی اسسٹنٹ سرجن سردار نریندر سنگھ سے متعلق ہے۔ اس رخصت سے واپس آنے پر جو ان کو محکمانہ اشتہار نمبری ۵۶۸-۲-ای مورخہ ۲۰ مارچ ۱۹۲۲ء میں عطا ہوئی اور لفٹننٹ جے - آر - فائے - آئی - ایم - ڈی تبدیل شدہ کو سبکدوش کرکے۔
لفٹننٹ جے - آر - فائے - آئی - ایم - ڈی -	ایضاً	شفاخانہ نارتھ ویسٹرن ریلوے نولکھا - لاہور - ۴ مارچ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	عام کام - ہسپتال نارتھ ویسٹرن ریلوے راولپنڈی - ۱۱ - مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	
ایضاً	ایضاً	عام کام ہسپتال نارتھ ویسٹرن ریلوے راولپنڈی ۱۳ مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	ہسپتال نارتھ ویسٹرن ریلوے راولپنڈی - ۱۳ مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	لفٹننٹ - جی - ٹی - جونز - آئی - ایم - ڈی - تبدیل شدہ کو سبکدوش کرکے۔

نمبر ۲۵۶۸-ای-مندرجہ ذیل اسسٹنٹ سرجنان کو رخصت عطا ہوئیں :-

نام	رتبہ	میعاد رخصت	قسم رخصت اور قواعد جنکی رو سے رخصت عطا ہوئی	کس تاریخ سے	کیفیت
سردار نرنجن سنگھ سیٹھی ایم-بی-بی-ایس	عارضی اسسٹنٹ سرجن	۳ ماہ	بلا مواجب غیر معمولی رخصت زیر قاعدہ ۲ (ج) مجملہ قواعد مرتبہ گورنمنٹ پنجاب زیر قاعدہ ۱۰۳ (الف) مجملہ قواعد بنیادی	...	اس رخصت کے تسلسل میں جوان کو محکمانہ اشتہار نمبری ۱۱۸۴۵-ای مورخہ ۴-اکتوبر ۱۹۲۱ء میں عطا ہوئی ؛
لالہ شولال	ایضاً	۲۰ یوم	رعایتی زیر قاعدہ ۸۱ مجملہ قواعد بنیادی	۲۳ فروری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	
میجر بی-ڈبلیو-ای کر آئی-ایم-ڈی	فوجی اسسٹنٹ سرجن	۲۱ یوم	نصف اوسط تنخواہ پر فرلو زیر قاعدہ ۸۱ مجملہ قواعد بنیادی	...	اس رخصت کے تسلسل میں جو ان کو محکمانہ اشتہار نمبری ۶۱۹۷-ای مورخہ ۱۹-مئی ۱۹۲۱ء میں عطا کی گئی -

۲۲-مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۲۳۱۶-ای-پاس شدہ طبی طالب علم بھائی موتی سنگھ عملہ صوبہ پنجاب میں عارضی سب اسسٹنٹ سرجن مقرر کئے گئے-اور ۷-مارچ ۱۹۲۲ء قبل دوپہر سے سول ہسپتال ملتان میں عام کام پر تعینات کئے گئے ؛

نمبر ۲۵۰۵-ای-پاس شدہ طبی طالب علم لالہ رام سروپ گپتا عملہ صوبہ پنجاب

میں عارضی سب اسسٹنٹ سرجن مقرر کئے گئے - اور ۱۳-مارچ ۱۹۲۲ء قبل دوپہر سے سول شفاخانہ رہتک میں تعینات کئے گئے ۔

۲۸-مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۲۷۶۸-ای- مندرجہ ذیل تقررات، تعیناتیاں و تبدیلیاں عمل میں لائی گئیں ۔

نام	رتبہ - اور صیغہ کا نمبر	عہدہ جسکا اہتمام ترک کیا اور ترک کرنیکی تاریخ	عہدہ جسکا اہتمام لیا اور اہتمام لینے کی تاریخ	کیفیت
بھائی بسندا سنگھ سکھیال	عارضی سب اسسٹنٹ سرجن	پولس ہسپتال مظفر گڑھ ۱۷ جنوری ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	عام کام شفاخانہ سول لاہور-۲۰ جنوری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	
لالہ فرید چند وجھ	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۹۶۳	..	عام کام شفاخانہ بھیرہ ضلع شاہپور ۱۲ جنوری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	اس رخصت سے واپس آنے پر جو ان کو محکمانہ اشتہار نمبری ۱۵۰۵۵ مورخہ ۲۸ نومبر ۱۹۲۱ء میں عطا ہوئی ۔
"	"	عام کام شفاخانہ بھیرہ ضلع شاہپور ۱۳ جنوری ۱۹۲۱ء (بعد دوپہر)	عام کام سول ہسپتال سرگودھا ضلع شاہپور یکم فروری ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	
"	"	...	عام کام سول ہسپتال سرگودھا ضلع شاہپور ۱۵ فروری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	اس رخصت سے واپس آنے پر جو ان کو محکمانہ اشتہار نمبری ۲۷۶۹-ای مورخہ ۲۸ مارچ ۱۹۲۲ء میں عطا ہوئی ۔
لالہ خوشی رام	سینیر سب اسسٹنٹ سرجن جماعت دوم نمبر ۶۰۷	شفاخانہ سٹی برانچ کٹڑہ خزانہ امرتسر	عام کام کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور	

نام	رتبہ - اور صیغہ کا نمبر	عہدہ جسکا اہتمام ترک کیا اور ترک کرنیکی تاریخ	عہدہ جسکا اہتمام لیا اور اہتمام لینے کی تاریخ	کیفیت
منشی کرم الہیٰ	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۷۰	۱۶ فروری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر) ...	۱۱ جنوری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر) عام کام سول ہسپتال گجرات ۱۱ جنوری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	اس رخصت سے واپس آنے پر جوان کو بحکمانہ اشتہار نمبری ۲۷۶۹ ای مورخہ ۲۸ مارچ ۱۹۲۲ء میں عطا ہوئی ہ

نمبر ۲۷۶۹- ای - مندرجہ ذیل سب اسسٹنٹ سرجنان کو رخصت عطا ہوئی ہ

نام	رتبہ	میعاد رخصت	قسم رخصت اور قواعد جنگی رو سے رخصت عطا ہوئی	کس تاریخ سے	کیفیت
لالہ فرید چند وید کچھ	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۹۶۳	۱۴ یوم	اوسط تنخواہ پر رخصت زیر قاعدہ ۸۱ منجملہ قواعد بنیادی	۲ فروری ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	
رائے صاحب لالہ ہریرام سول ہسپتال دہلی	سب اسسٹنٹ سرجن نمبر ۷۶	۶ ماہ	اوسط تنخواہ پر رخصت زیر قاعدہ ۸۱ منجملہ قواعد بنیادی و چٹھی گورنمنٹ ہند صیغہ خزانہ نمبری ۱۶۸ - سی - ایس - آر - مورخہ ۲۴ فروری ۱۹۲۲ء	۳۱- اکتوبر ۱۹۲۱ء (بعد دوپہر)	وہ صوبہ دہلی میں اپنے عہدہ کا استحقاق رکھیں گے ہ
منشی کرم الہیٰ نخفاخانہ نجفگڑھ صوبہ دہلی	سب اسسٹنٹ سرجن ۷۰	۶ ماہ	اوسط تنخواہ پر رخصت زیر	۱۱- جولائی ۱۹۲۱ء (بعد دوپہر)	

نام	رتبہ	میعاد رخصت	قسم رخصت اور قواعد جنکی روسے رخصت عطا ہوئی	کس تاریخ سے	کیفیت
پنڈت شمبھو ناتھ آئی ڈیپارٹمنٹ سول ہسپتال دہلی	عارضی سب اسسٹنٹ سرجن	۶ ماہ	قاعدہ ۸۱ منجملہ قواعد بنیادی وچٹھی گورنمنٹ ہند صیغہ خزانہ نمبری ۱۶۸۔سی۔ایس۔آر مورخہ ۲۴ فروری ۱۹۱۹ء ٭ ایضاً	۳۔جنوری ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	

نمبر۔۷۷۰۰۔۲۔ای۔مندرجہ ذیل تقرر۔تعیناتی وتبدیلی عمل میں لائی گئی ٭

نام	رتبہ	عہدہ جس کا اہتمام ترک کیا اور ترک کرنے کی تاریخ	عہدہ جس کا اہتمام لیا اور اہتمام لینے کی تاریخ	کیفیت
لفٹننٹ جی۔ٹی۔جرسنز آئی۔ایم ڈی	فوجی اسسٹنٹ سرجن	ہسپتال نارتھ ویسٹرن ریلوے راولپنڈی ۱۳۔مارچ ۱۹۲۲ء (قبل دوپہر)	میڈیکل افسر نارتھ ویسٹرن ریلوے۔خانپور ۱۷۔مارچ ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	میجر جے۔برانڈن آئی۔ایم۔ڈی۔کو جنہیں رخصت عطا ہوئی سبکدوش کرکے ٭

نمبر ۱۷۷۲-ای - مندرجہ ذیل اسسٹنٹ سرجن کو رخصت عطا ہوئی *

نام	رتبہ	میعاد رخصت	قسم رخصت اور قواعد جنکی رو سے رخصت عطا ہوئی	کس تاریخ سے	کیفیت
میجر - اے - اے کوٹن - آئی - ایم ڈی (پینشن یافتہ)	فوجی اسسٹنٹ سرجن	ایک ماہ اور ۵ یوم	اوسط تنخواہ پر رخصت زیر قاعدہ ۸۱ منجملہ قواعد بنیادی	۷ جنوری ۱۹۲۲ء (بعد دوپہر)	

(طبع اوّل)

۲۸ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۵۳۲۸-ای - سول سب اسسٹنٹ سرجنان کا اگلا ششماہی امتحان پیشہ سنٹر ہائے انبالہ وامرت سر اور راولپنڈی میں ۱۸-اپریل ۱۹۲۲ء اور اس کے اگلے ایام میں منعقد ہوگا * عملی امتحان ۲۱-اپریل ۱۹۲۲ء سے شروع ہوگا *

دستخط - کرنل - آر - چارلس میکواٹ
آئی - ایم - ایس
انسپکٹر جنرل سول ہسپتال ہائے پنجاب

محکمہ صحت عامہ

اشتہار

مورخہ ۲۳ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۷۷۰-پلیگ - مندرجہ ذیل نقشہ وارداتہائے طاعون واموات پنجاب

جن کی رپورٹ ہفتہ مختتمہ ۱۸ مارچ ۱۹۲۲ء میں ہوئی - بغرض اطلاع عام مشتہر کیا جاتا ہے ٭

اضلاع	وقوعہ جات	اموات
جالندھر	نقشہ موصول نہیں ہوا	
جالندھر شہر	۹	۴
سیالکوٹ	۳۸	۳۷
گوجرانوالہ	۴۰	۲۴
شیخوپورہ	۱۵	۹
گجرات	۵۹	۲۶
شاہپور	۷۷	۵۳
جہلم	۶۷	۵۶
راولپنڈی	۲۴	۹
جھنگ	۳	۲
میزان	۳۳۲	۲۲۰
دیسی ریاستہائے		
شہر پٹیالہ	۲	۲
میزان	۳۳۴	۲۲۲
میزان صوبہ	۳۳۴	۲۲۲

ان اضلاع و ریاست ہائے کے اعداد جو رپورٹ بابت ہفتہ مختتمہ ۱۱ مارچ ۱۹۲۲ء میں درج نہیں ہوئے حسب ذیل ہیں :-

سیالکوٹ		
جھنگ	۹	۷
	۷	۷

دستخط - لفٹننٹ کرنل - ڈبلیو - ایچ - سی فائیر - ڈی - بی - ایم - آئی - ایم - ایس
ڈائرکٹر صحت عامہ
پنجاب

عدالتی اشتہار

باجلاس دیوان دھرم چند صاحب تحصیلدار و اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوم منٹگمری

لفٹنٹ کنور جسجیت سنگھ بالغ و کنور جیت سنگھ نابالغ بر نافت کنور جسجیت سنگھ مذکور برادر حقیقی پسران آنریبل کنور پرتاب سنگھ صاحب قوم اہلو والیہ سکنہ جالندھر ضلع جالندھر بمختاری لالہ داسامل مدعیان

بنام

نتھو ولد ڈھیرو قوم راجپوت سکنہ پیلانوالی تحصیل و ضلع ہوشیارپور ملازم ایشر سنگھ نمبردار چک نمبر ۵ اصل دگوپال سنگھ مدعاعلیہم

دعویٰ مبلغ سار زر لگان اراضی مربعہ ۵۵ واقعہ چک نمبر ۱۱۵ تحصیل و ضلع منٹگمری فصل خریف ۱۹۲۰-۲۱ء بروئے پٹہ اقرارنامہ حسب دفعہ ۷۷ ایکٹ ۱۶ ۱۸۸۷ء

اشتہار

بمقدمہ صدر دو جگہ کے لئے سمن مسکن مدعاعلیہ نتھو بالا جاری کئے گئے تھے - اول موضع پیلانوالی ضلع ہوشیارپور جاری کئے گئے تھے - اس جگہ کی رپورٹ ہے - کہ عرصہ چار ماہ سے کسی جگہ چلا گیا ہے - پتہ نہیں کہاں چلا گیا ہے - اس جگہ اس کی کوئی سکونت نہیں ہے - دوسری دفعہ اس کے نام سمن بمقام ستپور تحصیل گڑھ شنکر ضلع ہوشیارپور بھیجے گئے - ان پر رپورٹ ہے کہ عرصہ چھ ماہ سے نتھو مدعاعلیہ کسی جگہ چلا گیا ہے - اس کا کوئی پتہ نہیں ہے - کہ کہاں ہے - کوئی اس کی رہائش کا پختہ پتہ نہیں ہے - ضلع منٹگمری میں بھی اس کی سکونت کا پتہ نہیں ملتا - جس سے ظاہر ہے - کہ نتھو مدعاعلیہ عمداً تعمیل سمن سے گریز کرتا پھرتا ہے - لہٰذا اشتہار ہذا زیر آرڈر نمبر ۵ قاعدہ ۲۰ جاری کر کے مشتہر کیا جاتا ہے - کہ اب بھی وہ ۲۱ - اپریل ۱۹۲۲ء کو حاضر عدالت ہذا ہو کر جوابدہی مقدمہ نہ کرے گا - تو اس کے برخلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاویگی ٭

تحریر ۱۶ $\frac{۳}{۲۲}$

آج بہ ثبت دستخط ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ٭ ۱۶ $\frac{۳}{۲۲}$

دستخط

دھرم چند تحصیلدار

مہر عدالت

[illegible]

رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۶۴

پنجاب گورنمنٹ گزٹ

گورنمنٹ کے حکم سے جاری ہوا

نمبر ۱۴] لاہور - ۷ - اپریل (مجریہ ۲۴ - اپریل) ۱۹۲۲ء یوم جمعہ [جلد ۵۰

تیسرا حصہ

اشتہارات ہائیکورٹ وصاحبان فنانشل کمشنر و اکونٹنٹ جنرل وغیرہ

عدالت عالیہ ہائی کورٹ آف جوڈیکیچر واقع لاہور

اشتہارات

۳۰ - مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۹۴ - جی - بذریعہ اشتہار ہذا مشتہر کیا جاتا ہے۔ کہ عدالت عالیہ ہائی کورٹ

اوف جوڈیکچر واقع لاہور نے دیوان سکھ چین ناتھ بی-اے-ایل-ایل-بی- ولد دیوان غنیسی لال
چوپڑا کو زمرۂ وکلاء میں داخل ہونے کی اجازت دی ہے +

۳-اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

نمبر ۹۶-جی- صاحبان جج عدالت ہائی کورٹ اوف جوڈیکچر واقع لاہور مندرجہ ذیل منصف
کی تبدیلی بضرورت کار سرکار فرماتے ہیں +

شیخ محمد اکبر راولپنڈی ضلع سول راولپنڈی سے جھنگ ضلع سول جھنگ میں تبدیل
کئے گئے- جہانکہ اونہوں نے اپنے فرائض کا اہتمام ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء قبل دوپہر کو لیا +

نمبر ۹۷- جی- اشتہار ہذا کے ذریعہ سے مشتہر کیا جاتا ہے کہ عدالت عالیہ ہائی کورٹ
آف جوڈیکیچر واقع لاہور نے حق نواز ایسکوائر بیرسٹرایٹ لاء ولد میاں تاج الدین کو زمرہ ایڈووکیٹاں
میں حسب ضابطہ داخل اور بھرتی فرمایا- اور اونکا نام عدالت ہذا کے رجسٹر ایڈووکیٹاں میں
باضابطہ درج کیا گیا +

حسب الحکم
دستخط- اے- گارڈن واکر
رجسٹرار

دفتر صاحبان فنانشل کمشنر بہادر

اشتہارات

۳۰ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

نمبر ۲-۱۰۲۵-ڈی-۴- چھ ماہ کی رعائتی رخصت جو کہ ایم- شیر سنگھ تحصیلدار کو بذریعہ
اشتہارات نمبری ۲-۱۰۲۵-سی-۵۹ و ۲-۱۰۲۵-سی-۸۶ مورخہ ۹-اگست سنہ ۱۹۲۱ء و ۴ نومبر
سنہ ۱۹۲۱ء علی الترتیب عطا کی گئی تھی- اس میں بذریعہ اشتہار ہذا اوسط تنخواہ پر دو ماہ کی فرلو توسیع
کی جاتی ہے +

نمبر ۲-۱۰۲۶-سی-۹۴- ۲ ماہ و ۲۸ یوم کی رعائتی رخصت جو کہ لالہ موتی رام تحصیلدار کو
بذریعہ اشتہار نمبری ۲-۱۰۲۶-سی-۴۵ مورخہ ۲۲-اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء کو عطا کی گئی تھی- اس میں
بذریعہ اشتہار ہذا پوری اوسط تنخواہ پر ایک ماہ کی فرلو کی توسیع کی جاتی ہے +

نمبر ۲-۱۰۲۶-سی-۹۶- ایک ماہ ۱۳ یوم کی رعائتی رخصت جو کہ ایم- خان محمد خاں تحصیلدار
تحصیل اجنالہ ضلع امرتسر کو بذریعہ اشتہار نمبری ۲-۱۰۲۶-سی-۸۷ مورخہ ۷ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء کو
عطا کی گئی تھی- اس میں بذریعہ اشتہار ہذا تین یوم کی توسیع کی جاتی ہے +

۳۱-مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۲-۱۰۲۷-سی-۴۲-آٹھ ماہ کی مجتمعہ رخصت جو کہ بی-تارا سنگھ تحصیلدار-تحصیل سرگودھا ضلع شاہ پور کو اس دفتر کے اشتہارات نمبری ۲-۱۰۲۷-سی-۱۱ و ۲-۱۰۲۷-سی ۲۰ اور ۲-۱۰۲۷-سی-۳۲-مورخہ ۹-اگست ۱۹۲۱ء و ۱۳-اکتوبر ۱۹۲۱ء و ۲۰ دسمبر ۱۹۲۱ء کے ذریعہ سے علی الترتیب عطا کی گئی تھی-اس میں بذریعہ اشتہار ہذا نصف اوسط تنخواہ پر ۲ ماہ کی فرلو کی توسیع کی جاتی ہے*

نمبر ۲-۱۰۲۷-سی-۴۳-ایم باغ بہار تحصیلدار تحصیل خوشاب ضلع شاہ پور کو سندھ ساگر تھل کی پیمائش زمین کے متعلق خاص کام پر لگایا گیا ہے-

نمبر ۲-۱۰۲۷-سی-۴۵-ایم رانجھا خاں-ہیڈ ورنیکلر کلرک گجرات-تحصیل خوشاب ضلع شاہ پور میں بطور قائمقام تحصیلدار-ایم باغ بہار تحصیلدار کی بجائے (جو کہ خاص کام پر لگائے گئے ہیں) لگائے گئے ہیں-

نمبر ۲-۱۰۲۷-سی-۴۷-ملک اورنگ زیب تحصیلدار-تحصیل مری ضلع راولپنڈی کو تین ماہ کی رعایتی رخصت تاریخ استفادہ سے عطا کی گئی ہے*

نمبر ۲-۱۰۲۷-سی-۴۸-لالہ اننت رام ہیڈ ورنیکلر کلرک دفتر ضلع راولپنڈی-بطور قائمقام تحصیلدار تحصیل مری ضلع راولپنڈی میں ملک اورنگ زیب تحصیلدار کی بجائے (جن کو رعایتی رخصت عطا کی گئی ہے) مقرر ہوئے ہیں*

۴-اپریل ۱۹۲۲ء

نمبر ۲-۷۹۷-۲۳۸۹-ترقیات مشتہرہ ہمراہ اشتہار نمبر ۲-۷۹۷-ایم-۱۴-مورخہ ۲۰ فروری ۱۹۲۲ء کے سرٹ ۴ کے فٹ نوٹ کے حوالہ سے بھائی بینت سنگھ امیدوار تحصیلدار-۱۵ مارچ ۱۹۲۲ء قبل دوپہر سے تحصیلدار عارضی بالاستقلال مقرر ہوئے ہیں-

نمبر ۲-۱۰۲۴-۲۳۹۱-چوہدری الہ داد خاں-بی اے-تحصیلدار تحصیل بلب گڑھ ضلع گوڑگاؤں کو ۴ ماہ کی رعایتی رخصت تاریخ استفادہ سے عطا کی گئی ہے*

نمبر ۲-۱۰۲۴-۲۳۹۲-لالہ کاشی ناتھ ایم-اے-تحصیلدار محکمہ انکم ٹیکس سے واپس آنے پر تحصیل بلب گڑھ ضلع گوڑگاؤں میں الہ داد خاں-بی-اے-تحصیلدار کی بجائے (جنکو رعایتی رخصت عطا کی گئی ہے) تعینات کیے گئے ہیں*

نمبر ۲-۱۰۲۶-۲۳۹۳-ایم عطاء اللہ خاں تحصیلدار زیر احکام تبدیل تحصیل روپڑ ضلع انبالہ میں ایک ماہ کی رعایتی رخصت ۱۵-مارچ ۱۹۲۲ء سے عطا کی گئی ہے*

حسب الحکم وغیرہ-ایم-ایس-سینیئر سکرٹری صاحبان فنانشل کمشنر بہادر پنجاب

صیغہ تعمرات سرکاری
شعبہ عمارات و سڑکہائے
اشتہار
۳-اپریل ۱۹۲۲ء

نمبر ۶۲۶ - ای - چوہدری رحیم بخش اپر سبارڈینیٹ کو ۶ ماہ کی رعایتی رخصت باجتماع فرلو دو ماہ اوسط تنخواہ پر یعنی کل آٹھ ماہ کی زیر آرٹیکل ۲۳۲ - ۲۴۶ - ۲۶۰ و ۳۲۳ - قواعد ملازمت سول (رخصت کے نئے قواعد) و گورنمنٹ ہند - صیغہ خزانہ نمبر ۱۶۸ - سی - ایس - آر - مورخہ ۲۲ فروری سنہ ۱۹۱۹ء و نمبر ۱۳۶۷ - سی - ایس - آر مورخہ ۲۹ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء - ۱۰ جون سنہ ۱۹۲۱ء بعد دوپہر سے عطا کی گئی ہے ۔

اس محکمہ کا اشتہار نمبر ۲۶۹ - ای - مورخہ ۱۱ فروری سنہ ۱۹۲۲ء بذریعہ اشتہار ہذا منسوخ کیا جاتا ہے

اے - ایس - منٹگمری

چیف انجنیئر - صیغہ تعمیرات سرکاری پنجاب

صیغہ تعلیم

اشتہارات

۲۹ - مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

نمبر ۵۶۸۸ - ای - لالہ ہری چند تینجا - سائنس لیکچرار - ٹریننگ کالج لائلپور - ماتحت ملازمت تعلیم اینگلو ورنیکلر سیکشن جماعت چہارم (۸۰ - ۴ - ۱۰۰) میں اپنے عہدہ اور جماعت میں مستقل ہو گئے ہیں -

نمبر ۵۶۹۵ - ای - مندرجہ ذیل ترقی مشتہر کیجاتی ہے :-

نام	رتبہ	ترقی دی گئی		کس تاریخ سے	کیفیت
		کس درجے سے	کس درجہ میں		
ایم غلام حسین	اورینٹل ٹیچر سنٹرل موڈل سکول لاہور	جماعت چہارم (۵۵ - ۳ - ۷۰) ماتحت ملازمت تعلیم کلاسیکل و ورنیکلر سیکشن	جماعت دوم (۱۱۰ - ۵ - ۱۳۵) ماتحت ملازمت تعلیم کلاسیکل و ورنیکلر سیکشن قائمقام	یکم مارچ سنہ ۱۹۲۲ء	ایم نور بخش ایم اے اورینٹل ٹیچر درجہ اول - سنٹرل موڈل سکول لاہور کے گورنمنٹ کالج میں تبدیل ہونے سے ۱۴۰ - ۱۰ - ۱۹۰ کے درجہ میں جگہ خالی ہونے پر -

نمبر ۵۷۴۸ - ای - ایم فتح محمد ورنیکلر ٹیچر گورنمنٹ ہائی سکول کیمبل پور ماتحت ملازمت تعلیم کلاسیکل و ورنیکلر سیکشن جماعت چہارم (۳۵ - ۳ - ۵۰ روپیہ) اپنے عہدہ اور جماعت میں مستقل ہو گئے ہیں ۔

نمبر ۵۷۶۱ - ای - مندرجہ ذیل تبدیلیاں بضرورت کار سرکار مشتہر کیجاتی ہیں :-

(دیکھو نقشہ آئندہ صفحہ پر)

نام	رتبہ	کہاں تبدیل ہوا	کس تاریخ سے	کیفیت
ایم محسن علی	جونیئر انگریزی ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول شملہ - زیر ٹریننگ	گورنمنٹ ہائی سکول سیالکوٹ اسی حیثیت میں	تاریخ حاضری سے	لالہ ہری رام کی بجائے
لالہ ہری رام	جونیئر انگریزی ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول سیالکوٹ - رخصتی	گورنمنٹ ہائی سکول شملہ اسی حیثیت میں	ایم محسن علی کی سیالکوٹ میں تاریخ حاضری سے -	ایم محسن علی کی بجائے -

۳۱- مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۵۸۴۷- ای- مس جی- ای- نجم الدین- آٹھویں استانی کوئین میری کالج لاہور میں درجہ ۵۵-۳-۷۰ روپیہ اپنے عہدہ اور درجے میں مستقل ہو گئی ہیں +

یکم اپریل ۱۹۲۲ء

نمبر ۵۹۲۰- ای- اشتہار نمبری ۲۸۵۳- ای- مورخہ ۶ مارچ ۱۹۲۲ء میں ایم صدر الدین کے نام کے بالمقابل ورنیکر سی- ایم اشتہار نمبری ۲۸۵۴- ای تاریخ مذکور کی سطر میں بجائے "گورنمنٹ ہائی" کے "موڈل" پڑھنا چاہیئے +

صیغہ سول ویٹرنیری پنجاب

اشتہارات

۳۰- مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۶۸- ۲ ماہ کی رعایتی رخصت جو کہ غلام قادر اول ویٹرنری اسسٹنٹ درجہ اول حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ کو (ملاحظہ ہو محکمانہ اشتہارات نمبری ۱۶ و ۶۱ جو کہ پنجاب گزٹ حصہ سوم مورخہ ۲۷ جنوری ۱۹۲۲ء و ۳ مارچ ۱۹۲۲ء کے صفحات پر علی الترتیب چھپے ہیں) عطا کیگئی تھی- اس میں بذریعہ اشتہار ہذا ایک ماہ کے زائد عرصے کے واسطے اسی نوع کی رخصت کی توسیع کی گئی ہے -

نمبر ۶۹- ایک ماہ کی فرلو نصف تنخواہ پر بذریعہ میڈیکل سرٹیفکیٹ جو کہ سلیمان خاں سفری ویٹرنری اسسٹنٹ درجہ سوم جھنگ کو ۸ دسمبر ۱۹۲۱ء قبل دوپہر سے عطا کی گئی تھی (ملاحظہ ہو محکمانہ اشتہار نمبر ۱۱- مورخہ ۱۴ جنوری ۱۹۲۲ء جو کہ پنجاب گزٹ حصہ سوم مورخہ ۲۰ جنوری ۱۹۲۲ء کے صفحہ پر چھپا ہے) اسمیں بذریعہ اشتہار ہذا ۱½ ماہ کی توسیع کی جاتی ہے +

نمبر ۷۰- ایک ماہ ۱۳ ایوم کی رعایتی رخصت جو کہ عبدالغنی وٹنریری اسسٹنٹ جڑانوالہ ضلع لائلپور عطا کی گئی تھی (ملاحظہ ہو۔ محکمانہ اشتہار نمبر ۹۸ ۳ مورخہ ۲۱ نومبر ۱۹۲۱ء جو کہ پنجاب گزٹ حصہ سوئم مورخہ ۲۵- نومبر ۱۹۲۱ء کے صفحہ پر چھپا ہے) اس میں بذریعہ اشتہار ہذا ۲ ماہ کی رعایتی رخصت کی توسیع کی گئی ہے

نمبر ۷۱- فاضل شاہ وٹنریری اسسٹنٹ درجہ سوئم ضلع ڈیرہ غازی خاں کو ۱۰ یوم کی رعایتی رخصت ۱۴ دسمبر ۱۹۲۱ء لغایت ۲۳ دسمبر ۱۹۲۱ء تک عطا کی گئی

نمبر ۷۲- غلام رسول وٹنریری اسسٹنٹ درجہ سوئم راجن پورہ ضلع ڈیرہ غازی خاں سے ڈیرہ غازی خاں میں بطور سفری وٹنریری اسسٹنٹ ضلع کے تبدیل کئے گئے ہیں۔

نمبر ۷۳- شہاب الدین سفری وٹنریری اسسٹنٹ درجہ سوئم ڈیرہ غازی خاں سے راجن پورہ ضلع مذکور میں بحیثیت مہتمم وٹنریری ہسپتال تبدیل کئے گئے ہیں۔

نمبر ۷۴- محمد محمود وٹنریری اسسٹنٹ درجہ سوئم پنجاب وٹنریری کالج لاہور سے صوبہ دہلی میں تبدیل کئے گئے ہیں۔ اور وٹنریری ہوسٹل دہلی میں بطور ریزرو وٹنریری اسسٹنٹ کے تعینات کئے گئے ہیں۔

نمبر ۷۵- حبیب اللہ وٹنریری اسسٹنٹ درجہ اول منٹگمری گورنمنٹ کیٹل فارم لاہور میں یکم اپریل ۱۹۲۲ء تک تعلیم کے واسطے مامور کئے گئے ہیں

نمبر ۷۶- خدا بخش وٹنریری اسسٹنٹ درجہ سوئم ملتان سے منٹگمری تبدیل کئے گئے ہیں۔

نمبر ۷۷- وریام سنگھ سفری وٹنریری اسسٹنٹ درجہ سوئم منٹگمری سے دیپال پور ضلع مذکور بحیثیت مہتمم وٹنریری ہسپتال تبدیل کئے گئے ہیں

نمبر ۷۸- لوکناتھ وٹنریری اسسٹنٹ درجہ سوئم دیپال پور ضلع منٹگمری سے منٹگمری میں بحیثیت سفری وٹنریری اسسٹنٹ ضلع کے تبدیل کئے گئے ہیں۔

نمبر ۷۹- روشن علی خاں وٹنریری اسسٹنٹ درجہ دوئم فاضلکا ضلع فیروزپور سے اوکاڑا ضلع منٹگمری میں تبدیل کئے گئے ہیں۔

نمبر ۸۰- میوا سنگھ وٹنریری اسسٹنٹ درجہ سوئم اوکاڑا ضلع منٹگمری سے فاضلکا ضلع فیروزپور میں تبدیل کئے گئے ہیں۔

نمبر ۸۱- عبدالکریم ریزرو وٹنریری اسسٹنٹ درجہ سوئم فیروزپور سے پنجاب وٹنریری کالج لاہور میں بحیثیت اسسٹنٹ ڈیمونسٹریٹر کے تبدیل کئے گئے ہیں۔

نمبر ۸۲- رام سنگھ وٹنریری اسسٹنٹ بطور وٹنریری اسسٹنٹ درجہ سوئم ۱۳ فروری ۱۹۲۲ء قبل دوپہر سے ایک سال کے واسطے امتحاناً لگائے گئے ہیں۔

نمبر ۸۳- رام سنگھ وٹنریری اسسٹنٹ درجہ سوئم وٹنریری ہسپتال فیروزپور میں بحیثیت وٹنریری اسسٹنٹ کے تعینات کئے گئے ہیں۔

نمبر ۸۴ - ایم محمد جان وٹنریری انسپکٹر دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ سول وٹنریری ڈیپارٹمنٹ ساوتھ پنجاب فیروز پور سے دفتر صاحب چیف سپرنٹنڈنٹ سول وٹنریری ڈیپارٹمنٹ پنجاب لاہور میں برائے انتظام چند روزہ بحیثیت پرسنل اسسٹنٹ تبدیل کئے گئے ہیں -

نمبر ۸۵ - ایم جان محمد وٹنریری انسپکٹر ڈیرہ غازی خاں سے دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ سول وٹنریری ڈیپارٹمنٹ ساوتھ پنجاب فیروز پور میں برائے انتظام چند روزہ بحیثیت پرسنل اسسٹنٹ تبدیل کئے گئے ہیں -

نمبر ۸۶ - ایم جان محمد وٹنریری اسسٹنٹ فیروز پور سے ڈیرہ غازی خاں میں مکرر تبدیل کئے گئے ہیں -

نمبر ۸۷ - بھائی شام سنگھ وٹنریری انسپکٹر فیروز پور ڈویژن دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ سول وٹنریری ڈیپارٹمنٹ ساوتھ پنجاب کے اگز کٹو اہتمام سے بطور پرسنل اسسٹنٹ تبدیل کئے گئے ہیں -

نمبر ۸۸ - محمد تقی اسسٹنٹ وٹنریری درجہ اول کرنال سے فیروز پور میں بحیثیت قائم وٹنریری انسپکٹر فیروز پور ڈویژن یکم مارچ ۱۹۲۲ء قبل دوپہر سے (اسی تاریخ کو انہوں نے اپنے فرائض کا اہتمام دیا لیا) تبدیل کئے گئے -

نمبر ۸۹ - جے سنگھ سفری وٹنریری اسسٹنٹ درجہ سوئم ضلع کرنال کو وٹنریری ہسپتال کرنال کا اہتمام سپرد کیا گیا ہے -

نمبر ۹۰ - ایک ماہ کی رعائتی رخصت جو کہ کرم چند وٹنریری اسسٹنٹ کیتھل ضلع کرنال کو رملاحظہ ہو محکمانہ اشتہار نمبر ۲۰ - مورخہ ۲۴ - جنوری ۱۹۲۰ء جو کہ صفحہ حصہ سوئم پنجاب گزٹ مورخہ ۲۷ جنوری ۱۹۲۲ء پر چھپا ہے) عطا کی گئی تھی - اس میں بذریعہ اشتہار ہذا ایک ماہ توسیع کی جاتی ہے -

نمبر ۹۱ - عبدالستار وٹنریری اسسٹنٹ درجہ سوئم روپڑ ضلع انبالہ سے بحیثیت سفری وٹنریری اسسٹنٹ ضلع نارنگ کے تبدیل کئے گئے تھے -

دستخط - ٹی - ایف - کورک

چیف سپرنٹنڈنگ صیغہ سول وٹنری پنجاب

صیغہ ڈاکٹری

اشتہارات

طبع ثانی

۲۸ مارچ ۱۹۲۲ء

نمبر ۲۸۵۳ - ای سب اسسٹنٹ سرجنوں کا آئندہ ششماہی امتحان پیشہ سنٹرل انبالہ

امرت سر اور راولپنڈی میں ۱۸- اپریل ۱۹۲۲ء اور مابعد ایام میں منعقد ہوگا۔ عملی امتحان ۱۲-اپریل ۱۹۲۲ء کو شروع ہوگا۔

---

۲۸ و ۲۹ مارچ ۱۹۲۲ء

